رسالہ عطر الکلام
فی استحسان المولد والقیام

تالیف: علامہ محمد اجمل سنبھلی

رسالہ عطر الکلام فی استحسان المولد والقیام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

نقل فتوی دیو بند سوال جواب

بخدمت اقدس جناب مفتی صاحب دار العلوم دیو بند

جناب والا ---------------- السلام علیکم

التماس یہ ہے کہ بوقت ذکر میلاد رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوکر پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔ اب سے چند دن پہلے علمائے کرام بہت اہتمام سے کھڑے ہوکر نذر سلام پیش کرتے تھے، اب کچھ صاحبان قیام سے گریز کرتے ہیں اور کچھ اس گریز کو ناروا بتلاتے ہیں، آخر اس تبدیلی کے وجوہ کیا ہیں۔ براہ کرم شافی مفصل اور عام فہم جواب عطا فرما کر ممنون فرمائیے۔

ناچیز ن۔ ن۔ مچھلی ٹولہ کانپور۔

زمانہ ہذا کی محفل میلاد مروجہ بھی شرعا درست نہیں اور قیام کا التزام بھی جائز نہیں ہے۔ جو کچھ کیا جاتا ہے یہ رسم ورواج شرعا خلاف شریعت ہے اور بدعت ہے اس کو ترک کرنا ضروری ہے۔

(فتاوی دار العلوم صفحہ ۱۲ جلد ۳)

کھڑے ہوکر سلام پڑھنا نہ کسی حدیث سے ثابت ہے، نہ کسی آیت سے، بالکل ناجائز ہے۔ جو لوگ اہتمام سے کھڑے ہوکر سلام پیش کرتے تھے غلط کرتے تھے، یہ طریقہ صحیح نہیں ہے۔ اگر کھڑے ہو کر سلام پیش کرنے میں یہ عقیدہ رکھتے ہوئے کہ آپ تشریف لاتے ہیں یا آپ کی روح حاضر ہوتی ہے۔ یہ دونوں عقیدے غلط ہیں، اس لئے کہ نہ آپ تشریف لاتے ہیں نہ آپ کی روح حاضر ہوتی ہے۔ تشریف آوری کے دعوے پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ اور نہ کوئی آیت اور نہ کوئی حدیث ہے کہ جس سے ثابت ہو۔ کوئی دیکھتا نہیں پھر کہاں سے معلوم ہوا کہ آپ تشریف لاتے ہیں۔ یہ آپ پر افترائے محض ہے۔

"من کذب علی متعمد افلیتبوا مقعدہ من النار الحدیث"

جس طرح کسی نہ کہے ہوئے قول کو آپ کی طرف منسوب کرنا حرام ہے اسی طرح نہ کیا ہو فعل آپ کی طرف منسوب کرنا حرام ہے۔ نیز اس سے یہ لازم آتا ہے کہ اگر ایک وقت کئی جگہ محفلیں منعقد ہو

ں تو آیا سب جگہ تشریف لے جاویں گے، یا کہیں کہیں۔ یہ تو ترجیح بلا مرجح ہے کہ کہیں جائیں اور کہیں نہ جا ئیں، اگر سب جگہ جائیں تو وجود واحد ہے ہزاروں جگہ کس طرح جا سکتے ہیں۔ یہ تو خدائے تعالی کی شان ہے۔ الخ۔

(فتاوی امدایہ ص ۵۶ رج ۴)

ونظیر ذلك فعل كثير عند ذكر مولده صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ووضع امته ؛ من القيام وهو الينا بدعة لم يرد فيه شئي على۔ ان الناس يفعلون ذلك تعظيما له صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فالعوام معذورون لذلك بخلاف الخواص۔

(فتاوی حدیثیہ ص ۲۰۱)

بہر حال قیام بدعت ہے جو لوگ اہتمام سے کرتے تھے غلط کرتے تھے۔ قیام ترک کرنا چاہیے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ الجواب صحیح سید مہدی حسن غفرلہ صدر مفتی دار العلوم دیو بند۔

حرره۔ ابن العماد سيد على احمد بمبوى متعلم دار الافتاء دار العلوم ديو بند۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس خاص قیام مع ہدیۂ صلوٰۃ وسلام کے بارے میں کہ جو فتویٰ دیو بند سے آیا ہے، اس سوال کے ساتھ وہ بغرض ملاحظہ منسلک بھی ہے۔ اب تک برابر اکثر گھروں میں اور اندر مستورات میں محفل میلاد شریف مع قیام وہدائیہ صلوۃ وسلام ہو تی تھی۔ اس کو بند کرا دیا گیا ہے۔ اس فتوے کو دکھلا کر ورغلایا جاتا ہے اور اس مبارک کام کے ثواب سے قصدا بلکہ جبرا روکا جارہا ہے۔ لہذا جناب کی خدمت میں باادب گذارش ہے کہ وہ جملے اس فتوے کے جن جن پر خطوط کشیدہ ہیں ان کا رد ضرور جاما دیا جائے۔ یا جو اعتراض اس ہدیہ صلوۃ و سلام پر کر کے اس کو ناجائز بتایا گیا ہے ان پر خصوصیت سے توجہ فرمائی جائے۔ خصوصا محفل اقدس میں روح پر فتوح حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی بابت اگر ہم مسلمان یہ عقیدہ رکھیں کہ رحمت کے فرشتوں کے نازل ہونے کے ساتھ ساتھ اس مبارک موقع پر روح مبارک حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بھی جلوہ فرمائی ہوتی ہے تو کیا کوئی حرج ہے۔ چو نکہ عوام کو دھوکا دے کر اس مبارک کام سے روکا جارہا ہے جس سے وہ لوگ سخت پریشان ہیں لہذا دست بستہ التماس ہے کہ للہ ہم لوگوں پر رحم فرما کر مفصل جواب عنایت ہو۔ اللہ آپ کو جزائے خیر دے گا۔

المستفتی عبد العزیز قادری اشرفی کانپور۔

الجواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی بشر نا بحبیبہ فی الکتب السا بقۃ والقرآن العظیم ۔ وعلمنا ذکر بعثتہ وولا دتہ فی کتابہ الکریم ۔وامر نا با ن تعزروہ وتو قروہ فی خطابہ الکریم ۔فا لصلوٰۃ والسلام منا علی سید نا و نبینا و مولا نا محمد ہو للمو منین رؤف رحیم ۔الذی یصلی علیہ ربہ وملا ئکتہ با فضل الصلوۃ والتسلیم ۔الذی قال بعثت من خیر قرون بنی ادم فا ہبطنی اللہ الی الارض فی صلب ا دم حتی جعلنی فی صلب ابر ھیم ۔وذکر نسبہ قائما علی المنبر بمزید فضلہ الجسیم وقام الی بنتہ الفا طمۃ اذا دخلت علیہ لو جہ المحبۃ والتعظیم ۔وامر الانصا ر علی مجیٔ سعد بقولہ قومو الی سید کم لحصول التعلیم وعلی آلہ وصحبہ و حزبہ الذین ہم علی الصراط المتقیم ۔اما بعد ۔

مدعیان اسلام میں وہ فرقہ جسے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر پاک نا گوار ہو ۔ان کے فضائل ومنا قب کا سننا شاق اور دشوار ہو۔ جو ان کو اپنے برابر جانے ان کی بڑے بھائی کی سی تعظیم ما نے ۔ جو شیطانوں کو ان سے زائد عالم کہے۔ جانوروں پاگلوں کو ان کے برابر علم ثابت کرے ۔ وہ وہابی جماعت اور دیو بندی قوم کے نام سے مشہور ہے ۔ان کے نزدیک ذکر میلا د شریف کرنا اور اس میں قیام تعظیمی کرنا سخت نا جائز اور بدعت سیئہ ہے ان کے اکا بر نے اسی میلا د شریف کے عدم جواز پر بہت فتوے لکھے اور طبع کئے ۔ ہمارے علمائے اہلسنت نے ان کے مفصل و مدلل رد وجوب لکھ کر شائع فرمائے ۔ضرورت تو نہیں تھی ۔ کہ اس پر قلم اٹھایا جائے ۔لیکن ادھر سائل کی خواہش کا احترام بھی ضروری ۔ادھر اس صدر مفتی دیو بند کی جہالت وضلالت کا اظہار بھی لابدی وحتمی اسی بنا پر اپنی عدیم الفرصتی کی وجہ سے نہایت مختصر رد لکھتا ہوں ، اگر اس مفتی دیو بند نے کچھ جواب کی ہمت کی تو پوری پوری خدمت کردی جائے گی ۔ یہ مفتی ان الفاظ سے اپنا فتوی شروع کرتا ہے ۔

زمانہ ہذا کی محفل میلا د مروجہ بھی شرعا درست نہیں

اس صدر مفتی نے یہ دعویٰ تو بڑے زور کے ساتھ کیا کہ محفل میلا د شرعا درست نہیں اور اس کی دلیل شرعی ایک بھی پیش نہ کرسکا ۔ یہ نام نہاد مفتی تو کیا قابل ذکر ہے ۔اس کے اکا بر بھی ایڑی چوٹی کا زور

لگا چکے ہیں لیکن آج تک کوئی دلیل شرعی نہیں پیش کر سکے۔ ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ قرآن واحادیث واجماع وقیاس سے اقوال سلف وخلف سے کوئی دیوبندی محفل میلاد شریف کا صراحۃ ناجائز ونادرست ہونا قیامت تک ثابت نہیں کر سکتا۔ تو جب ان کے پاس کوئی دلیل نہیں تو دعویٰ بلا دلیل قابل التفات ہی نہیں ہوتا۔ پہلے ہم عامۃ المسلمین کے لئے اس میلاد شریف کا شرعا درست ہونا ثابت کر دیں۔ منکر وتم بھی بنظر انصاف دیکھو۔

بیشک ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی ذات پاک اللہ کی نعمت ہے۔ بخاری شریف میں آیۃ "الذین بدلو انعمة الله كفرا" کی تفسیر میں مروی ہے:

قال ابن عباس هم والله كفار قريش و محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نعمة الله۔ (بخاری شریف مصطفائی ص۵۶۶/ج۲۔ باب قتل ابی جهل)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ خدا کی قسم وہ بدلنے والے کفار قریش ہیں۔ اور حضرت محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اللہ کی نعمت ہیں۔

اس حدیث شریف سے حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا نعمۃ اللہ ہونا ثابت ہوا۔ بلکہ قرآن کریم میں تو انبیائے کرام کی پیدائش وولادت کو بھی نعمت فرمایا گیا۔ اللہ تعالی فرماتا ہے:

واذ قال موسى لقومه ياقوم اذكروا نعمة الله عليكم اذ جعل فيكم انبياء۔
(سورۃ المائدہ ع۴ ج۶)

اور جب موسیٰ نے کہا اپنی قوم سے اے میری قوم اللہ کی نعمت کو جو اپنے اوپر ہے یاد کرو کہ تم میں پیغمبر پیدا کئے۔

اور ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی بعثت مبارکہ کو تو قرآن کریم نے نعمت عظمیٰ قرار دیا ہے۔ اللہ تبارک وتعالی فرماتا ہے:

لقد من الله على المو منين اذبعث فيهم رسولا۔
(سورہ آل عمران ع۱۷ ج۴)

بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں ایک رسول بھیجا۔

لہذا جب حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی ذات شریفہ اور ولادت وبعثت مبارکہ کا نعمت ہونا ثابت ہو چکا تو اب شکر نعمت ہم پر لازم ہوا اور شکر نعمت کا طریقہ بھی خود قرآن کریم ہی میں اللہ تعالی

ہمیں اس طرح تعلیم فرماتا ہے:

واذكرو نعمة الله عليكم۔ (سورۂ بقرہ ع۲۹ ج۲)

اور یاد کرو اللہ کی نعمت کو جو تم پر ہے۔

واما بنعمة ربك فحدث ۔ (سورۂ والضحی ع۱ ج۳۰)

اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔

ان آیات سے ثابت ہوگیا کہ اللہ تعالی کی نعمت کا ذکر کرنا اور خوبی بیان کرنا شکر نعمت ہے تو جب ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت وبعثت بھی نعمت ہے تو اس کا ذکر کرنا اور خوبی بیان کرنا بھی شکر نعمت ہے اور امر الٰہی اور حکم قرآنی ہے۔ بلکہ ہمارے حضور کی آمد کا ذکر خود اللہ تعالی نے کس اہتمام کے ساتھ انبیائے کرام کے مجمع میں کیا:

واذا خذالله ميثاق النبيين لما آتيتكم من كتاب وحكمة ثم جاء كم رسول مصدق لما معكم لتومنن به ولتنصرنه ۔قال أ أقررتم وأخذ تم على ذلكم اصرى ؟قالوا اقررنا قال فا شهدوا وانا معكم من الشهدين ۔ (سورۂ آل عمران ع۹ ج۳)

اور یاد کرو جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو تم ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا۔ فرمایا کیوں تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا سب نے عرض کی ہم نے اقرار کیا فرمایا تم ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں آپ تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں۔

اس آیت کریمہ سے یہ ثابت ہوگیا کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آمد کا ذکر حضرات انبیاء کرام کے عظیم الشان مجمع میں کیا گیا۔ بالجملہ محفل میلاد شریف میں بھی یہی ہوتا ہے۔ کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت شریفہ اور بعثت مبارکہ اور آمد کا ذکر کیا جاتا ہے تو محفل میلاد شریف کی اصل قرآن سے ثابت ہوگئی۔ اب باقی رہی اسلام کی دوسری دلیل اس سے بھی ولادت وبعثت ثابت ہے ۔ بخاری شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی:

بعثت من خير قرون بني ادم قرنا فقر نا حتى كنت من القرن الذى كنت فيه "

(جامع صغیر للسیوطی مصری ص۱۰۵ ج۱)

میں بنی آدم کے بہترین طبقوں سے پیدا کیا گیا بعد طبقہ یہاں تک کہ میں اس طبقہ سے ہوا کہ میں

اس میں ہوں۔

ترمذی شریف میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

قلت یا رسول اللہ ان قریشا جلسو افتذاکر وااحسا بھم بینھم فجعلوا مثلك مثل نخلة فی کبوة من الارض فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اللہ خلق الخلق فجعلنی من خیر فرقھم وخیر الفریقین ثم خیر القبا ئل فجعلنی من خیر القبیلة ثم خیر البیوت فجعلنی فی خیر بیو تھم فا نا خیر ھم نفسا و خیر ھم بیتا۔"

(ترمذی شریف دہلی ص ۲۰۱ ج ۲)

کہ میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول بے شک قریش بیٹھ کر اپنے حسب کا ذکر کرنے لگے تو انہوں نے آپ کی مثال اس درخت کی سی دی جو گھورے پر ہو تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ نے مخلوق پیدا کی تو مجھے بہترین گروہوں میں رکھا۔ پھر ان کے دو گروہ کئے پھر قبیلے بنائے تو مجھے بہتر قبیلے میں رکھا پھر خاندان کئے تو مجھے بہتر خاندان میں رکھا پس میں سب سے خود بھی بہتر اور میرا خاندان بھی سب خاندانوں سے افضل ہے۔

بیہقی شریف کے دلائل النبوۃ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انا محمدبن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ھا شم بن مناف بن قصی بن کلاب بن مرة بن کعب بن لو ی بن غالب بن فھر بن ما لك بن النصربن کنا نة بن خزیمة بن مدرکة بن الیا س بن مضر بن نزار بن معد بن عد نان وما افتر ق النا س فر قتین الاجعلنی اللہ فی خیر ھما فا خرجت من بین ابو ی فلم یصبنی شیٔ من عھد الجا ھلیة وخرجت من نکاح ولم اخرج من سفا ح من لدن آدم حتی انتھیت الی ابی وامی فانا خیرھم نسبا وخیر ھم ابا "

(جامع صغیر مصری ص ۸۹ ج ۱)

میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوں فرزند عبداللہ کا اور وہ عبدالمطلب کے بیٹے۔ اور وہ ہاشم کے بیٹے اور وہ عبدمناف کے اور وہ قصی کے اور وہ کلاب کے اور وہ مرہ کے اور وہ کعب کے اور وہ لوی کے اور وہ غالب کے اور وہ فہر کے اور وہ مالک کے اور وہ نضر کے اور وہ کنانہ کے اور وہ خزیمہ کے اور وہ مدرکہ کے اور وہ الیاس کے اور وہ مضر کے اور وہ نزار کے اور وہ معد کے اور وہ عدنان کے بیٹے۔ لوگ دو گروہ پر منقسم

ہوئے تو اللہ تعالی نے مجھے ان کے بہتر میں رکھا تو میں اپنے ماں باپ سے پیدا ہوا اور کوئی بات عہد جاہلیت کی مجھے نہ پہونچی۔ اور میں آدم علیہ السلام سے اپنے ماں باپ تک نکاح ہی سے پیدا ہوا ہوں نہ کہ زنا کے عیب سے تو میں سب سے نسب کے اعتبار سے بہتر ہوں اور خاندانی لحاظ سے بھی افضل ہوں۔

علامہ قاضی عیاض نے شفا شریف میں اور ابن عمرو عدنی نے اپنے مسند میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے راوی:

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کانت روحہ نورا بین یدی اللہ تعالیٰ قبل ان یخلق ادم بالفی عام یسبح ذلک النور وتسبح الملئکۃ بتسبیحہ فلما خلق اللہ ادم القی ذلک النور فی صلبہ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاھبطنی اللہ عز وجل الی الارض فی صلب نوح وقذف لی فی صلب ابراھیم ثم لم یزل اللہ تعالیٰ ینقلنی من الاصلاب الکریمۃ والارحام الطاھرۃ حتیٰ اخرجنی من ابوی لم یلتقیا علی سفاح قط۔

(شرح شفا علی القاری مصری ص۱۹۹ج۱)

بے شک حضور انور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی روح پاک آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے سے دو ہزار برس پہلے اللہ تعالی کی حضوری میں نور تھی۔ یہ نور تسبیح کرتا تو اس کی تسبیح کے ساتھ فرشتے تسبیح کہتے پھر جب خدا نے حضرت آدم کو پیدا کیا تو یہ نور ان کی پشت میں رکھا نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے مجھے زمین
کی طرف پشت آدم میں اتارا اور پشت نوح میں رکھا اور پشت ابراہیم میں جلوہ گر کیا پھر مجھے اللہ تعالی ہمیشہ بزرگ پشتوں اور پاک رحموں سے منتقل فرماتا رہا یہاں تک کہ مجھے میرے ماں باپ سے پیدا کیا جنہیں کبھی زنا نہ پہنچا۔

ان احادیث سے نہایت روشن طور پر ثابت ہوگیا کہ خود حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اپنی آمد اور میلاد شریف کا ذکر فرمایا۔ اور جس طرح یہ احادیث تنہائی میں بیان کی جاسکتی ہیں۔ اسی طرح مجمع و محفل میں بھی بیان ہوسکتی ہیں تو محفل میں میلاد شریف کا ذکر یعنی ان احادیث کا بیان کرنا یہی محفل میلاد شریف کہلاتا ہے۔ لہذا محفل میلاد شریف احادیث سے بھی ثابت ہوگئی۔ اب رہی اسلام کی تیسری دلیل اجماع امت سے بھی محفل میلاد شریف کا ثبوت بصراحت موجود ہے۔ اور متقدمین و متاخرین کے اقوال اس سے پر ہیں ہم بخیال اختصار چند عبارات پیش کرتے ہیں۔

علامہ شہاب الدین احمد قسطلانی مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں:

وما زال اهل الاسلام يحتفلون بشهر مولده عليه السلام ويعلمون الولائم ويتصدقون في لياليه بانواع الصدقات ويظهرون السرور ويزيدون في المبرات ويعتنون بقراءة مولده الكريم ويظهر عليهم من بركاته كل فضل عميم ومما جرب من خواصه انه امان في ذلك العام وبشرى عاجلة بنيل البغية والمرام فرحم الله امرء أ اتخذ ليالي شهر مولده المبارك اعيادا۔ (موہب لدنیہ مصری ص ۲۷ ج ۱)

(سیرۃ حلبی مصری ص ۱۰۰ ج ۱)

(سیرۃ النبویہ مصری ص ۴۵ ج ۱)

(ماثبت بالسنۃ مطبع قیومی ص ۸۳)

اور ہمیشہ سے اہل اسلام ولادت شریفہ کے مہینہ میں محفلیں کرتے اور کھانے پکاتے اور اس کی راتوں میں طرح طرح کے صدقے دیتے اور اظہار خوشی کرتے اور نیکیوں میں زیادتی کرتے اور مولود شریف پڑھنے میں اہتمام کرتے رہے ہیں۔ اور ان کے اوپر فضل عمیم کی برکتیں ظاہر ہوتی رہی ہیں اور مولود شریف کے مجرب خواص میں سے ہے کہ اس سال کے لئے امن ہوتا ہے اور حاجت روائی و حصول مراد کی بشارت عاجلہ ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے جو ماہ مبارک میں میلاد کی راتوں میں عید منائیں۔

علامہ علی حلبی انسان العیون معروف بسیرۃ حلبیہ میں فرماتے ہیں:

قال ابن الحجر الهيتمي والحاصل ان البدعة الحسنة متفق على ندبها وعمل المولد واجتمال الناس له ذلك اى بدعة حسنة ومن ثم قال الامام ابو شامة شيخ الامام النوري ومن احسن ما ابتدع في زماننا مايفعل كل عام في اليوم الموافق ليوم مولده صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من الصدقات والمعروف واظهار الزينة والسرور فان ذلك مع ما فيه من الاحسان للفقراء مشعر بمحبته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وتعظيمه في قلب فاعل ذالك وشكر الله على ما من به من ايجاد رسوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الذي ارسله رحمة للعالمين هذا كلامه قال السخاوي لم يفعله احد من السلف في القرون الثلاثة وانما حدث بعد ثم لازال اهل الاسلام من سائر الاقطار والمدن الكبار يعملون المولد

ویتصدقون فی لیالیه بانواع الصدقات ویهتمون بقراءة مولده المکرم ویظهر علیهم من
برکاته کل فضل عمیم -

(سیرۃ حلبی مصری ص۱۰۰ ج۱)

(سیرۃ نبوی للعلامۃ دحلان مصری ص۴۵ ج۱)

علامہ ابن حجر ھیتمی نے فرمایا کہ حاصل یہ ہے کہ بدعت حسنہ کا مستحب ہونا متفق علیہ ہے اور مولو
شریف کرنا اور اس کے لئے لوگوں کا جمع ہونا بھی بدعت حسنہ ہے۔ اسی بنا پر امام ابوشامہ نے فرمایا جو اما
نووی کے استاذ ہیں کہ ہمارے زمانہ کی بدعت حسنہ یوم مولود شریف کی تاریخ میں ہر سال صدقے او
نیکیاں اور زینت اور خوشی کا ظاہر کرنا ہے اور باوجود اس کے اس میلاد شریف کرنے میں فقیروں پر احسا
ہے اور یہ کرنے والے کے دل میں محبت وعظمت مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا پتہ دینے والا ہے
اور رسول اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تشریف آوری وولادت کی نعمت اور ان کے رحمۃ للعالمین ہو ک
تشریف فرما ہونے کی نعمت پر اللہ کا شکریہ ہے۔ اور امام سخاوی نے فرمایا کہ میلاد شریف کو قرون ثلثہ می
سلف میں سے کسی نے نہیں کیا یہ تو بعد میں جاری ہوا پھر ہمیشہ سے دنیا کے تمام اھل اسلام مولود شریف
کرنے لگے اور اسکی راتوں میں طرح طرح کے صدقے دینے لگے۔ اور میلاد شریف کے پڑھنے می
اہتمام کرنے لگے تو ان پر فضل عمیم کی برکتیں ظاہر ہونے لگیں۔

علامہ ابن حجر ہیتمی اپنے فتاوی حدیثیہ میں فرماتے ہیں:

والمولدو الاذکار التی تفعل عند نا اکثر ها مشتمل علی خیر کصدقة و ذک
وصلاة وسلام علی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ومدحه (پھر ۵ سطر کے بعد فرمای
والقسم الثانی سنة تشمله الاحادیث الواردة فی الاذکار المخصوصة والعامة کقول
صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لا یقعد قوم یذکرون الله تعالی الا حفتهم الملائکة
غشیتهم الرحمة و نزلت علیهم السکینة و ذکرهم الله تعالی فیمن عنده رواه مسلم وروی
ایضا انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال لقوم جلسوا یذکرون الله تعالی ویحمد و نه عل
ان هدا هم للاسلام اتانی جبرئیل علیه الصلاة والسلام فاخبرنی ان الله تعالی یباهی بک
الملائکة وفی الحدیثین اوضح دلیل علی فضل الاجتماع علی الجلوس له وان الج
لسین علی خیر کذلک یباهی الله بهم الملائکة وتنزل علیهم السکینة و تغشاهم الرحم

ویذکر ھم اللہ تعالی بالثناء علیھم بین الملائکۃ فای فضائل اجل من ھذہ "
(فتاوی حدیثیہ مصری ص ۱۰۹)

ہمارے نزدیک جو مولود وذکر کئے جاتے ہیں ان کے اکثر خیر پر مشتمل ہیں جیسے صدقہ کرنا اور ذکر کرنا اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلاۃ وسلام پڑھنا اور ان کی مدح کرنا۔ اور دوسری قسم یعنی وہ محافل میلاد جو امور خیر پر مشتمل ہیں سنت ہیں اور اذکار عامہ وخاصہ کے بارے میں جو احادیث وارد ہیں وہ ان محافل کو شامل ہیں جیسے یہ حدیث کہ جو کوئی قوم ذکر الہی کے لئے بیٹھتی ہے فرشتے اس پر چھا جاتے ہیں۔ رحمت حق اس کو ڈھانپ لیتی ہے سکینہ اس پر نازل ہوتی ہے اور اللہ تعالی اپنے مقربین میں ان کا ذکر فرماتا ہے اس حدیث کو مسلم نے روایت کی۔ نیز ایک اور حدیث روایت کی کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس قوم کے لئے فرمایا جو ذکر الہی کے لئے مجلس بناتی ہے اور اس پر حمد الہیہ بجالاتے ہیں کہ اس نے انہیں اسلام کی رہنمائی فرمائی کہ اس کے لئے فرمایا کہ میرے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور خبر دی کہ اللہ تعالی تمہارے ساتھ ملائکہ پر فخر فرماتا ہے۔ ان دونوں حدیثوں میں بڑی روشن دلیل ہے اس اجتماع کی فضیلت پر جو نیکی کے لئے ہو اور اس میں بیٹھنے پر اور اس پر کہ امر خیر کے لئے بیٹھنے والے ایسے ہیں کہ اللہ تعالی ان کے ساتھ ملائکہ پر فخر فرماتا ہے اور ان پر سکینہ نازل ہوتی ہے اور ان پر رحمت چھا جاتی ہے اور اللہ تعالی ملائکہ کے درمیان ان کا ذکر ثنا کے ساتھ فرماتا ہے تو ان سے برتر اور کون سی فضیلتیں ہوگی۔

الحاصل مواہب لدنیہ۔ سیرت حلبی۔ سیرت نبوی۔ ماثبت من السنۃ سے محفل میلاد شریف کا جواز واستحباب اجماع امت سے ثابت ہوگیا اور فتاوی حدیثیہ سے تو میلاد شریف کا سنت ہونا ثابت ہوگیا اب باقی رہی اسلام کی چوتھی دلیل قیاس اس کا یہ بیان ہے علامہ الحافظ ابن الجزری فرماتے ہیں۔۔

فاذا کان ھذا ابو لھب الکافر الذی نزل القرآن بذمہ جوزی فی النار بفرحہ لیلۃ مولد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہ فما حال المسلم الموحد من امتۃ علیہ السلام الذی یسر بمولدہ ویبذل ما اتصل الیہ قدرتہ فی محبتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لعمری انما یکون جزاءہ من اللہ الکریم ان یدخلہ بفضلہ العمیم جنات النعیم۔

مواہب لدنیہ مصری ص ۲۷ رج ۱)

جب ابولہب کافر جس کی مذمت قرآن کریم میں ہے اس کا یہ حال ہے کہ اس کو دوزخ میں بھی

تخفیف عذاب کے ساتھ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شب ولادت میں خوشی کرنے کا بدلہ ملا تو آپ کی امت کے مسلمانوں کے حال کا کیا کہنا جو حضور کی ولادت کا سرور کرتے اور آپ کی ولادت میں حسب قدرت خرچ کرتے ہیں۔ قسمیہ کہا جاتا ہے کہ اس کی جزا میں خدائے کریم ان کو اپنے فضل عمیم سے جنات نعیم میں داخل فرمائے گا۔

علامہ الحافظ جلال الدین سیوطی نے یہ استدلال فرمایا:

وفی حدیث انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عق عن نفسه بعد ما جاء ته النبوة قال الامام احمد هذامنکر ای حدیث منکرو الحدیث المنکرمن اقسام الضعیف لا انه باطل کما قد یتوهم والحافظ السیوطی لم یتعرض لذلك وجعله اصلالعمل المولد قال لان العقیقة لا تعادمرة ثانیة فیحمل ذلك علی ان هذاالذی فعله النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اظهار اللشکر علی ایجاد الله تعالی ایاه رحمة للعالمین وتشرعا لامته کما کان یصلی علی نفسه لذلك قال فیستحب لنا اظهارالشکر بمولده صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هذا کلامه۔ (سیرۃ حلبی مصری ص ۹۴ ج ۱)

اور حدیث شریف میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعد نبوت یعنی چالیس سال کی عمر کے بعد اپنا عقیقہ کیا یعنی بہ نیت عقیقہ جانور ذبح کیا، امام احمد نے فرمایا کہ یہ منکر حدیث ہے اور منکر حدیث ضعیف حدیث کی قسموں میں سے ہے نہ یہ کہ وہ باطل ہے جیسا کہ وہم کیا گیا اور علامہ جلال الدین سیوطی اس کے درپے نہ ہوئے اور انہوں نے اس حدیث کو عمل میلاد شریف کے لئے اصل ٹھہرایا فرماتے ہیں کیونکہ عقیقہ دوبارہ نہیں کیا جاتا تو اسے اس بات پر حمل کیا جائے گا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس عقیقہ کو اپنے رحمۃ للعالمین ہو کر تشریف لانے کے اظہار شکری کے لئے اور امت کے لئے راہ ذینی ظاہر کرنے کے لئے کیا جیسا کہ اسی غرض سے خود اپنے اوپر درود بھیجا۔ پس ہمارے لئے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے میلاد شریف کے شکریہ کا ظاہر کرنا مستحب قرار پایا یہ علامہ سیوطی کا قول ہے۔

علامہ ابن حجر نے یہ استدلال کیا:

قال الحافظ ابن حجر فی جواب سوال وظهر لی تخریجه علی اصل ثابت وهو ما فی الصحیحین ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قدم المدینة فوجد الیهود یصومون یوم عاشوراء فسالهم فقالواهو یوم اغرق الله فیه فرعون ونجی موسیٰ ونحن نصومه

شکرا قال فیستفا د من ہ فعل الشکر علی ما من بہ تعالی فی یو م معین و ای نعمۃ اعظم من بروز نبی الرحمۃ وقال ان قا صدی الخیر واظہا ر الفرح والسرور بمو لدالنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم والمحبۃ لہ یکفیہم ان یجمعو ااہل الخیر والصلاح والفقراء و المساکین فیطعمو ہم ویتصد قوا علیہم محبۃ لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فان ارا دوافوق ذلک امر وامن ینشد من المدائح النبویۃ والاشعا رالمتعلقۃ با لحث علی الاخلا ق الکریمۃ مما یحرک القلو ب الی فعل الخیرت والکف عن البدع المنکرات ای لان من اقوی الاسبا ب الباعثۃ علی محبتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سماع الاصوات الحسنۃ المطربۃ بانشاد المدائح النبو یۃ اذا صا رفت محلاقا بلا فا نہا تحدث للسامع شکرا او محبۃ۔

(جواہر البحار مطبوعہ بیروت ص ۱۲۴۲ ر ج ۳)

علامہ حافظ ابن حجر نے سوال میلاد شریف کے جواب میں فرمایا اور مجھے اس میلاد کرنے کی اصل کا ثبوت ظاہر ہو گیا وہ حدیث مسلم و بخاری میں ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے تو آپ نے عاشورہ کے دن یہود کو روزہ دار پایا تو ان سے سوال کیا انہوں نے عرض کیا: یہ وہ دن ہے جس میں اللہ تعالی نے فرعون کو غرق کیا اور موسی علیہ السلام کو نجات دی تو ہم اس میں شکریہ کا روزہ رکھتے ہیں ۔علامہ نے فرمایا کہ اس حدیث سے اللہ تعالی نعمت پر معین دن میں شکریہ ادا کرنا مستفاد ہوا۔اور ہمارے نبی رحمۃ للعٰلمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ظہور سے زیادہ بڑی اور کون سی نعمت ہے اور فرمایا کہ نیکی کا ارادہ کرنے والوں اور حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے میلاد کی خوشی ومسرت کا اظہار کرنے والوں کے لئے اتنا کافی ہے کہ وہ اہل خیر وصلاح اور فقراء ومساکین کو جمع کریں اور انہیں کھانا کھلائیں اور ان پر محبت رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں صدقہ کریں پھر اگر اس سے زیادہ کا ارادہ کریں تو وہ شعر خوانوں کو حکم دیں کہ وہ نعت ومدحت کے ایسے اشعار پڑھیں جو اخلاق کریمہ پر مشتمل ہوں اور جن سے دلوں میں نیکیو ں کے کرنے اور برائیوں سے باز رہنے کی حرکت پیدا ہو۔کیونکہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت پر ابھارنے والے اسباب میں سے زیادہ قوی تر با نغمہ خوش آوازں کا سننا ہے جو مدح اور نعت کے اشعار میں ہوں۔تو جب یہ قابل محل سے موافق ہو جائیں تو یہ سننے والے میں شکر ومحبت پیدا کرتے ہیں۔

الحاصل جب محفل میلاد شریف کا ثبوت اسلام کے چاروں دلائل قرآن وحدیث۔اجماع وقیاس

سے آفتاب سے زیادہ روشن طور پر ظاہر ہو چکا تو مجیب کا قول کہ

محفل میلاد مروجہ بھی شرعا درست نہیں بالکل غلط اور محض باطل ہے۔

نہ معلوم اس نے شرع کس چیز کا نام رکھ لیا ہے اگر مسلمانوں کی شرع مراد لی ہے تو یہ شرع پر افترا و بہتان ہے کہ شرع کے چاروں دلائل سے محفل میلاد کا جائز و مستحب ہونا بلکہ سنت ہونا ثابت ہو گیا تو ظاہر ہو گیا کہ مجیب کی شرع سے مراد دیوبندی شرع ہے جو قرآن و حدیث اجماع و قیاس سب کے خلاف ہے اسی بنا پر اس نے ان میں سے کسی کو اپنی دلیل نہ بنایا اور فتاوی دار العلوم دیو بند کو اپنی شرع کی دلیل ٹھہرایا۔ پھر اس کے بعد یہ مجیب کہتا ہے:

اور قیام کا التزام بھی ناجائز ہے

مجیب کا یہ حکم بھی اپنے دیوبندی مذہب کی بنا پر ہے، اسی لئے اس دعوی کی دلیل وہی فتاوی دار العلوم دیو بندی ہی کو پیش کیا اور اگر یہ قیام شریعت اسلامیہ کے اعتبار سے ناجائز ہوتا تو مجیب اس کے ثبوت میں کوئی آیت پیش کرتا یا کوئی حدیث نقل کرتا۔ یا اجماع و قیاس کی عبارت لکھتا۔ اور جب اس نے کسی دلیل شرعی کو پیش نہیں کیا تو ثابت ہو گیا کہ مجیب نے یہ عدم جواز کا حکم شریعت اسلامیہ کا نہیں لکھا بلکہ اپنے دیوبندی مذہب کا حکم لکھا ہے۔ لہذا میں پہلے شریعت اسلامیہ کا حکم بیان کرتا ہوں۔ قرآن کریم میں اللہ تعالی فرماتا ہے:

تعزروہ وتوقروہ" (سورۂ فتح ع ۱ ج ۲۶)

تم رسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر کرو۔

قاضی عیاض علیہ الرحمہ نے شفا شریف میں ان کلمات آیت کریمہ کی تفسیر نقل فرمائی:

یبالغون فی تعظیمه ویو قروه ای یعظموه۔ (شرح شفا مصری ص ۱۲۴ ج ۱)

حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تعظیم میں خوب مبالغہ کریں اور ان کی توقیر میں۔

اس آیت کریمہ اور اس کی تفسیر سے ثابت ہو گیا کہ حضور کرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر میں خوب مبالغہ کرنا حکم الہی ہے اور تعظیم کے طریقوں میں کسی خاص طریقہ تعظیم کے لئے مستقل ثبوت پیش کرنا ضروری نہیں بلکہ جو طریقہ تعظیم ہو گا وہ اسی آیت کے تحت میں داخل ہے۔ ہاں اگر کسی خاص طریقہ تعظیم کی ممانعت شرع سے بالتخصیص ثابت ہو تو وہ بے شک ناجائز ہے۔ جیسے سجدہ۔ بالجملہ قیام بھی طرق تعظیم میں بہترین طریقہ ہے تو یہ آیۃ کریمہ اس قیام کو بھی شامل ہے۔ پھر احادیث پر نظر کرنے سے

بھی یہی ثابت ہوتا ہے۔ کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو قیام تعظیمی کا حکم دیا۔ بخاری شریف و مسلم شریف کی ایک طویل حدیث میں ہے کہ حضور انوار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنو قریضہ کے سلسلے میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو طلب فرمایا:

فلما دنا من المسجد قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم للانصار قوموا الى سيد كم۔

(مشکوۃ شریف مطبع اصح المطابع ص ۴۰۳)

جب حضرت سعد مسجد کے قریب آئے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انصار سے فرمایا۔ اپنے سردار کے لئے قیام کرو۔

بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ صحابہ کرا م حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے قیام کرتے تھے۔

كا ن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يجلس معنا فى المسجد يحدثنا فا ذاقا م قمنا قياما حتى نرا ه قد دخل بعض بيو ت ازوا جه ۔

(مشکوۃ شریف مطبع اصح المطابع ص ۴۰۳)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد شریف میں ہمارے ساتھ جلوس فرماتے اور گفتگو کرتے اور جب حضور کھڑے ہو جاتے تو ہم بھی کھڑے ہو جایا کرتے اور ہم یہاں تک کھڑے رہتے کہ حضور کو ازوا ج مطہرات میں سے کسی کے گھر میں داخل ہوتا ہوا دیکھ لیتے۔

ابوداؤد شریف میں حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ وہ حضرت فا طمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے اوصاف ذکر کرتے ہوئے فرماتی ہیں۔

كا نت اذا دخلت عليه قام اليها فا خذبيدها فقبلها و اجلسها فى مجلسه و كا ن اذا دخل عليها قامت اليه فا خذت يده فقبلته و اجلسته فى مجلسها ۔

(مشکوۃ شریف مطبع اصح المطابع ص ۴۰۲)

حضرت فاطمہ جب حضور کے پاس حاضر ہوتیں تو حضور ان کے لئے قیام فرماتے اور ان کی دست بوسی کرتے اور انہیں اپنی جگہ بٹھاتے۔ اور حضور جب انکے پاس تشریف لے جاتے تو وہ حضور کے

لئے قیام فرماتیں اور حضور کی دست بوسی کرتیں اور حضور کو اپنی جگہ پر بٹھاتیں۔

ان احادیث سے ثابت ہو گیا کہ مستحقین تعظیم کے لئے قیام کرنا نہ فقط جائز بلکہ سنت صحابہ ہے بلکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قولی و فعلی سنت ہے۔ پھر یہ قیام کبھی آنے والے کی تعظیم کے لئے ہوتا ہے یہ قیام قدوم ہے جیسا کہ حدیث میں گذرا کہ حضرت سعد کے لئے انصار نے قیام کیا۔ کبھی اظہار محبت کے لئے ہوتا ہے یہ قیام محبت ہے جیسا کہ حضرت فاطمہ کے لئے خود حضور نے قیام فرمایا۔ کبھی سرور خوشی کے لئے ہوتا ہے جیسا کہ امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حضور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے ایک مسئلہ سننے کے لئے قیام فرمایا۔ امام احمد نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ حضرت عثمان نے فرمایا۔

قلت توفي الله تعالیٰ نبیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قبل ان نسئله عن نجاة هذا الامر قال ابو بکر قد سئلته فقمت الیه۔ (مشکوٰۃ شریف مطبع اصح المطابع ص ۱۶)

کہ میں نے حضرت ابوبکر سے عرض کی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وفات دی اور ہم اس امر کی نجات آپ سے نہ دریافت کر سکے۔ حضرت صدیق نے فرمایا میں نے حضور سے دریافت کر لیا ہے اس کے سننے کے شوق میں حضرت عثمان فرماتے ہیں کہ میں کھڑا ہو گیا۔

تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ایک مسئلہ سننے کی خوشی و مسرت میں قیام کرنا قیام مسرت ہے

الحاصل محفل میلاد شریف کا قیام بغرض تعظیم بھی ہے اور محبت کی بنا پر بھی ہے۔ اور اظہار مسرت کے لئے بھی ہوتا ہے کہ مسلمان کے لئے اپنے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے ذکر سے زیادہ خوشی اور مسرت کا کیا ذکر ہو سکتا ہے کہ رحمۃ للعلمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری ہی تمام دینی سرور اور احکام الٰہی کے حصول کا باعث و سبب ہے۔ اور مسلمان اس ذکر پاک پر اظہار محبت و تعظیم نہ کرے گا تو اس سے زیادہ اظہار محبت و تعظیم کا اور کیا ذکر ہو گا۔ اور تصریحات ائمہ کرام حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر پاک کی تعظیم ذات انور کی تعظیم کے مثل ہے۔ بالجملہ ذکر ولادت شریف پر محفل میلاد میں قیام کرنا قرآن کریم کی اس آیۃ کریمہ سے اور ان احادیث سے ثابت ہوا۔ بلکہ ترمذی شریف میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے مروہ ہے۔

انه جاء الی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم سمع شیئا فقام النبیصلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی المنبر فقال من انا فقالو انت رسول الله قال انا محمد بن عبد الله بن

عبد المطلب ان الله خلق الخلق فجعلنی فی خیر هم ثم جعلهم قبا ئل فجعلنی فی خیر هم قبیلة ثم جعلهم بیو تا فجعلنی فی خیرهم بیتا فا نا خیر هم نفسا و خیر هم بیتا ۔

(مشکوۃ شریف مطبع اصح المطابع ص ٥١٣ ج ٢)

حضرت عباس حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں غضبناک ہوکر حاضر ہوئے کہ وہ حضور کے حسب ونسب میں کچھ طعن سن کر آئے تھے حضور نے ممبر پر کھڑے ہوکر فرمایا میں کون ہوں صحابہ نے عرض کی۔ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ فرمایا میں محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بن عبداللہ بن عبد المطلب ہوں اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا اور مجھ کو ان کے بہترین میں پیدا کیا۔ پھر ان کے دو فرقے کئے۔ اور مجھ کو ان کے بہتر فرقے میں کیا۔ پھر ان کے قبیلے بنائے۔ تو مجھ کو ان کے بہتر قبیلے میں پیدا کیا۔ پھر ان میں خاندان کئے اور مجھکو ان کے بہتر خاندان میں پیدا کیا۔ تو میں ان کے بہتر نفوس اور بہتر خاندان سے ہوں۔

اس حدیث شریف سے یہ ثابت ہوگیا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی تشریف آوری کا ذکر بحالت قیام فرمایا ہے تو ہمارے لئے بھی ذکر ولادت کا بحالت قیام کرنا اس حدیث شریف سے مستفاد ہوا۔ بالجملہ جب محفل میلاد شریف کا قیام قرآن کریم واحادیث شریفہ سے مستفاد ہوا۔ تو اس کا جائز و مستحب ہونا محل کلام ہی نہیں ہوا تو اس کو اہل اسلام نے اپنا معمول ٹھہرالیا۔ ہزارہا بلاد اسلامیہ کے خواص وعوام۔ کئی صدی کے علمائے کرام۔ اولیائے عظام نے اس کو اپنا معمول قرار دیا۔ اور امت اس کو بلانکیر کرتی چلی آئی۔

چنانچہ علامہ حلبی نے سیرۃ حلبی میں تحریر فرمایا:

جرت عا دة کثیر من النا س اذا سمعوا بذ کر وضعه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان یقوموا تعظیما له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وهذا القیا م بدعة لا اصل لها ای لکن هی بد عة حسنة لا نه لیس کل بدعة مذمو مة وقد قال سیدنا عمر رضی الله عنه فی اجتما ع النا س لصلاة الترا ویح نعمة البدعة هذه وفیه ایضا وقد وجد القیام عند ذ کر اسمه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من عا لم الامة ومقتدی الائمة دینا وورعا الاما م تقی الدین السبکی و تا بعه علی ذلك مشا ئخ الاسلام فی عصره ویکفی مثل ذلك فی الاقتداء ملخصا ۔

(سیرۃ حلبی مصری ص ٩٩، ١٠٠ ج ١)

اور بہت لوگوں کی عادت جاری ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر ولادت سنتے ہیں تو وہ حضور کی تعظیم کے لئے قیام کرتے ہیں۔ اور یہ قیام بدعت ہے اسکی اصل نہیں لیکن یہ بدعت حسنہ ہے اس لئے کہ ہر بدعت مذموم نہیں ہوتی کہ حضرت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نماز تراویح کے لئے لوگوں کے جمع ہونے کے بارے میں فرمایا یہ اچھی بدعت ہے اور بیشک حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نام پاک کے ذکر کے وقت قیام کرنا امام تقی الدین سبکی سے پایا گیا جو اس امت کے عالم اور دین وتقوی میں اماموں کے امام ہیں اور ان کے معاصرین ائمہ کرام ومشائخ اسلام نے اس قیام پر ان کی متابعت کی علامہ حلبی نے فرمایا اور اس قدر بات پیری کرنے میں کافی ہے۔

علامہ سید احمد دحلان السیرۃ النبویہ والآثار المحمدیہ میں فرماتے ہیں:

جرت العادة ان الناس اذاسمعو اذكر وضعه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عليه وسلم يقومون تعظيما له صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وهذا القيام مستحسن لما فيه من تعظيم النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وقد فعل ذلك كثير من علماء الامة الذين يقتدى بهم - (السیرۃ النبویہ مصری ص ۴۴ ج ۱)

عادت جاری ہے کہ جب لوگ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کا ذکر سنتے ہیں تو حضور کی تعظیم کے لئے قیام کرتے ہیں اور یہ قیام مستحسن ہے اس لئے کہ اس میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ہے اور اس قیام کو بکثرت ان علماء امت نے کیا جن کی پیروی کیا جاتی ہے۔

علامہ سید احمد عابدین نے نثر الدرر علی مولد ابن حجر میں فرمایا:

جرت العادة بانه اذاساق الوعاظ مولده صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وذكر واوضع امه لهو قام الناس عند ذالك تعظيما له صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وهذا القيام بدعه حسنة لما فيه من اظهار الفرح والسرور والتعظيم بل مستحبة لمن غلب عليه الحب والاجلال لهذاالنبى الكريم عليه افضل الصلاة واتم التسليم ولم تنزل عليه المواظبة من العلماء الاعلام والمشائخ الكرام بقصد تعظيم للانبيا ختام ـ عليه وعليهم افضل الصلاة والسلام ـ

(ملخصا از جواہر البحار مطبوعہ بیروت ص ۴۴ ۱۱ ج ۳)

عادت جاری ہوئی کہ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تولد اور پیدائش کے ذکر تک

واعظ پہونچتے ہیں تو اس وقت سب لوگ حضور کی تعظیم کے لئے قیام کرتے ہیں اور یہ قیام بدعت حسنہ ہے کیوں کہ اس میں فرحت ومسرت اور تعظیم کا اظہار ہے بلکہ اس شخص کے لئے مستحب ہے جس پر اس نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی محبت وعظمت غالب ہو اور خاتم النبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت کا قصد کرتے ہوئے مشائخ کرام وعلمائے عظام نے اس قیام پر ہمیشگی فرمائی۔ اس ذات کے لئے جو انبیاء کے خاتم ہے ان پر بہترین درود اور کامل ترین سلام نازل ہو۔

علامہ ابن حجر نے المولد الکبیر میں فرمایا:

فیقال نظیر ذلك القیام عند ذکر ولادته صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم وایضا قال اجتمعت الامة المحمدیة من اهل السنة والجماعة علی استحسان القیام المذکور فقد قال صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لا یجتمع امتی علی ضلالة ۔

(الدر المنظم ص ۱۴۳ از الکواکب الازہر)

کہا گیا اسی کی نظیر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کے ذکر کے وقت قیام کرنا ہے۔ نیز قیام مذکور کے استحسان پر امت محمدیہ اہل سنت وجماعت نے اجماع کرلیا ہے اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت گمراہی پر جمع نہ ہوگی۔

علامہ سید جعفر بن حسن برزنجی اپنے مولد میں فرماتے ہیں:

قد استحسن القیام عند ذکر مولده الشریف ائمة ذی روایة وروية فطوبی لمن کان تعظیمه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم غایة مرامه ومرماه ۔

(جواہر البحار مطبوعہ بیروت ص ۱۲۴۸ / ج ۳)

قیام کو ائمہ ذو روایت ورویت نے بوقت ذکر ولادت کے مستحسن جانا تو خوشخبری ہو اس کے لئے جسے حضور کی تعظیم انتہائی مراد ہو۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ محفل میلاد کا قیام صدیوں سے مسلمانوں کا معمول بہ ہے۔ اور امت نے اس کے استحباب پر اجماع کرلیا ہے۔ تو جس کی اصل قرآن واحادیث میں موجود ہو اور وہ اجماع امت سے ثابت ہو۔ اس کو کوئی مسلمان تو ناجائز کہہ نہیں سکتا۔ مجیب کا فریب یہ ہے کہ اس نے اس مقام پر قیام کو صراحۃ ناجائز نہیں کہا۔ بلکہ اس کے التزام کو ناجائز ٹھہرایا۔ مگر اس التزام کے ناجائز ہونے پر کوئی دلیل شرعی پیش نہ کرسکا۔ اور حقیقت یہ ہے کہ وہ آئندہ بھی کوئی دلیل پیش ہی نہیں کرسکتا کہ شریعت

میں ہر امر جائز یا مستحب کا التزام ناجائز نہیں۔ اسی مذہب دیوبندی کے معلم ثانی گنگوہی جی کے فتاوی رشیدیہ حصہ سوم میں ہے۔ از بندہ رشید احمد عفی عنہ بعد سلام مسنون مطالعہ فرمایند بندہ بحمدہ تعالی بخیر ہے آپ کی علالت سے متفکر ہوا۔ میں دعائے خیر کرتا ہوں آپ سورۂ فاتحہ التزام کے ساتھ سنت وفرض کے درمیان پڑھ لیا کریں اور پانی پر دم کر کے بھی پی لیا کریں اور اپنے اوپر بھی دم کر لیا کریں فقط والسلام۔

(فتاوی رشیدیہ دہلی ص ۵۴ رج ۲)

مجیب صاحب دیکھئے گنگوہی صاحب نے سورۂ فاتحہ کو التزام کے ساتھ پڑھنے کا حکم دیا۔ تو اگر کسی امر جائز کا التزام کرنا اس کو ناجائز بنا دیتا تو گنگوہی جی سورۂ فاتحہ کو التزام کے ساتھ پڑھنے کا ہرگز حکم نہ دیتے الحصل قیام کا جب جائز و مستحب ہونا ثابت ہو گیا تو اس کو جائز و مستحب جانتے ہوئے اس کا التزام کس طرح ناجائز ہو سکتا ہے۔ لہذا مجیب کا یہ دعوی کہ ''قیام کا التزام بھی ناجائز ہے'' غلط اور باطل اور شریعت اسلامیہ کے خلاف ہے۔ اس کے بعد مجیب کا یہ قول

جو کچھ کیا جاتا ہے یہ رسم ورواج شرعا خلاف شریعت ہے اور بدعت ہے اس کو ترک کرنا ضروری ہے۔

(فتاوی دار العلوم ص ۱۲ اج ۳)

کس قدر جہالت پر مبنی ہے۔ مجیب پر پہلے تو یہ لازم تھا کہ رسم ورواج کی جامع مانع تعریف بیان کرتا، رسم ورواج کے عدم جواز کا حکم قرآن وحدیث وغیرہ دلائل شرع سے ثابت کرتا۔ اور اس کا خلاف شرع اور بدعت ہونا اور اس کے ترک کا ضروری ہونا نصوص سے ثابت کرتا۔ لیکن مجیب کو نہ تو رسم ورواج ہی کا حکم معلوم۔ نہ رسم ورواج اور خلاف شرع میں نسبت ہی کا پتہ۔ نہ خلاف شرع اور بدعت کے درمیان تفرقہ کا علم۔ نہ بدعت واجب الترک میں نسبت کی خبر تو اس کی یہ ایک مجنونانہ بڑ ہے۔ اور اگر دیوبندی قوم ان باتوں کا کچھ علم رکھتی ہے تو ظاہر کرے۔ علاوہ بریں جب ہم نے محفل میلاد۔ شریف اور قیام کا جواز و استحباب قرآن واحادیث اور عمل مسلمین سے ثابت کر دیا تو فقط رسم ورواج کب قرار پائے۔ اور خلاف شرع کس طرح ہوئے۔ اور بدعت کس طرح ٹھہرے۔ اور واجب الترک کس طرح بنے کیا یہ مجیب رسم ورواج اس کو کہتا ہے جو قرآن واحادیث سے ثابت ہو۔ اور خلاف شرع اس کو ٹھہراتا ہے جو نصوص سے ثابت ہو اور بدعت اس کو کہتا ہے جو دلائل شرع سے مستفاد ہو۔ اور واجب الترک اس کو قرار دیتا ہے جو براہین اسلام سے ثابت ہو رہا ہو۔ لہذا یہ مجیب نہ تو رسم ورواج کی تعریف کو جانتا ہے۔ نہ خلاف شرع کے معنی سمجھتا ہے۔ نہ بدعت کو پہچانتا ہے۔ نہ واجب الترک کے مفہوم سے واقف ہے۔ اور ان تمام امور کا

الزام صرف اس مجیب ہی پر نہیں ہے کہ یہ تو ناقل ہے بلکہ اصل الزام فتاوی دار العلوم پر جس سے یہ مجیب نقل کر رہا ہے، یہاں تک تو فتاوی دار العلوم کی جہالات تھیں۔

اب یہ مجیب اس کے بعد کہتا ہے

کھڑے ہو کر سلام پڑھنا نہ کسی حدیث سے ثابت ہے اور نہ کسی آیت سے۔ بالکل نا جائز ہے۔

مجیب کا یہ قاعدہ (کہ جو شی کسی آیت یا حدیث سے صراحۃ ثابت نہ ہو وہ بالکل نا جائز ہے) نہ تو کسی آیت کا مفہوم ہے نہ کسی حدیث کا مضمون ہے۔ نہ سلف وخلف میں سے کسی کا قول ہے نہ شریعت میں اس کا کہیں پتہ چلتا ہے۔ بلکہ یہ خود ساختہ قاعدہ دیوبندی قوم ہی کا ہے۔ جس کو ہمارے مقابلہ میں تو استعمال کر لیا کرتے ہیں اور خود یا تو اس کو غلط مانتے ہیں یا نا قابل عمل جانتے ہیں، چنانچہ اس دیو بندی قوم کے پیشوا گنگوہی جی کا فتاوی رشیدیہ ہی دیکھو وہ کہتے ہیں۔

سوال: کسی مصیبت کے وقت بخاری شریف کا ختم کرانا قرون ثلثہ سے ثابت ہے یا نہیں اور بدعت ہے یا نہیں؟۔

جواب: قرون ثلثہ میں بخاری تالیف نہیں ہوئی تھی مگر اس کا ختم درست ہے کہ ذکر خیر کے بعد دعا قبول ہوتی ہے اس کی اصل شرع سے ثابت ہے۔ بدعت نہیں فقط۔

سوال: ۳۱۔ بعض بعض صوفی قبور اولیا پر چشم بند بیٹھتے ہیں اور سورۂ الم نشرح پڑھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارا سینہ کھلتا ہے اور ہم کو بزرگوں سے فیض ہوتا ہے۔ اس بات کی کچھ اصل بھی ہے یا نہیں۔

الجواب:۔ اس کی بھی اصل ہے اس میں کوئی حرج نہیں اگر بہ نیت خیر ہے فقط واللہ تعالی اعلم۔

(فتاوے رشیدیہ دہلی ص ۱۱ ج ۱)

نیز اسی میں ہے۔

سوال:۔ ۲۵۔ صوفیہ کرام کے یہاں جو اکثر اشغال وأذکار مثل رگ کیماس کا پکڑنا اور ذکر ارہ اور حلقہ بر قبور نہیں بلکہ ویسے ہی دم وغیرہ جو قرون ثلثہ سے ثابت نہیں بدعت ہے یا نہیں۔

الجواب:۔ اشغال صوفیہ بطور معالجہ کے ہیں سب کی اصل نصوص سے ثابت ہے۔ جیسا اصل علاج ثابت ہے مگر شربت بنفشہ حدیث صریح سے ثابت نہیں ایسا ہی اذکار کی اصل ہیئت ثابت ہے جیسا توپ بندوق کی اصل ثابت ہے اگر چہ اس وقت میں نہ تھی سو یہ بدعت نہیں۔

(زفتاوی رشیدیہ دہلی ص ۱۰ ج ۱)

ان جوابات میں (۱) ختم بخاری شریف (۲) قبور اولیا پر آنکھیں بند کر کے بیٹھنا اور اس سے انشراح صدر کا ہونا اور صاحب قبر سے فیض کا ہونا (۳) اشغال صوفیہ (۴) اذکار اولیا (۵) رگ کیاس کا پکڑنا (۶) ذکر ارہ (۷) حبس دم (۸) شربت بنفشہ (۹) توپ (۱۰) بندوق ۔ یہ دس چیزیں آیات واحادیث صریحہ سے ثابت نہیں مگر یہ ناجائز و بدعت نہیں بلکہ درست ہیں ان میں کوئی حرج نہیں ان کی اصلیں ثابت ہیں۔

مجیب صاحب کہئے! اب آپ کا وہ قاعدہ وحکم صحیح ہے یا گنگوہی صاحب کے یہ احکام ۔ اگر آپ کا ہی وہ قاعدہ وحکم صحیح ہے تو ان گنگوہی صاحب پر پہلے سخت بدعتی اور گمراہ ہونے کا فتوی صادر کیجئے ۔ اور اگر گنگوہی صاحب کے یہ احکام صحیح ہیں تو اپنے اس قاعدہ وحکم کے غلط و باطل ہونے کا اعتراف کیجئے ۔ پھر مجیب کے اس قاعدہ وحکم کے خلاف اس کی قوم کا عمل بھی دیکھئے ۔

(۱) عربی مدارس کا جاری کرنا ۔ (۲) ان کے لئے پختہ خوبصورت عمارتیں بنوانا (۳) دارالحدیث کے نام سے علیحدہ عمارت بنانا ۔ (۴) تقسیم درجات کرنا ۔ (۵) نصاب معین کرنا (۶) جمعہ کو چھٹی دینا ۔ (۷) شعبان میں امتحان کرانا ۔ (۸) دستار بندی کے جلسے کرنا ۔ (۹) رمضان میں تعطیل دینا ۔ (۱۰) کتب خانہ جمع کرنا ۔ (۱۱) مدرسین کی تنخواہ مقرر کرنا ۔ (۱۲) منطق وفلسفہ وریاضی وغیرہ داخل درس (۱۳) ہر سبق کے لئے وقت مقرر کرنا ۔ (۱۴) ایک خاص نصاب کے بعد سند دینا ۔ (۱۵) مساجد کو نقش ونگار کے ساتھ بنانا (۱۶) ان میں اوقات نماز کے نقشے لگانا ۔ (۱۷) نمازوں کے اوقات مقرر کرنا ۔ (۱۸) امامت کی تنخواہ لینا ۔ (۱۹) رمضان میں سحر وافطار کے نقشے شائع کرنا ۔ (۲۰) افطار وسحری کے لئے نقارے اور گھنٹیاں بجانا ۔ (۲۱) کلام اللہ کا مع ترجمہ واعمال کے چھاپنا ۔ (۲۲) احادیث کو مع ترجمہ کے شائع کرانا ۔ (۲۳) دار المبلغین تیار کرانا ۔ (۲۴) دارالافتاء کی عمارت بنانا ۔ (۲۵) اس میں مفتیوں کو ملازم رکھنا ۔ وغیرہا اعمال جو آیات واحادیث صریحہ سے ثابت نہیں لیکن کوئی دیوبندی نہ ان باتوں کو ناجائز کہتا ہے نہ بدعت بلکہ انہیں ایسا دینی کام بتاتا ہے کہ ان کے لئے چندہ جمع کرتا ہے ۔ بالجملہ یہ ثابت ہو گیا کہ مجیب کا یہ قاعدہ ۔ (کہ جو شی کسی آیت وحدیث سے صراحۃ ثابت نہ ہو وہ بالکل ناجائز ہے) خود دیوبندی قوم کے احکام واعمال کے لحاظ سے بھی غلط اور باطل ہے ۔ بلکہ خود مجیب کے نزدیک بھی غلط ہے ورنہ ان سب امور کے بالکل ناجائز ہونے کا فتویٰ دے ۔ اب باقی رہا کھڑے ہو کر سلام پڑھنا اس کی مما نعت نہ کسی آیت سے ثابت نہ کسی حدیث سے ۔ بلکہ قرآن کریم میں اللہ عزوجل فرماتا ہے:

ان اللہ وملئکتہ یصلو ن علی النبی یا یھاالذین اٰمنو اصلو اعلیہ وسلمو اتسلیما ۔

(پ۲۲ع۴)

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس نبی پر اے ایمان والوان پر تم دورد بھجو اور خوب سلام بھیجو۔

دارمی شریف ونسائی شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ان للہ ملا ئکۃ سیا حین فی الارض یبلغو نی من امتی السلام ۔

(مشکوۃ شریف مطبواصح المطابع ص ۸۶)

بیشک اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ہیں جو زمین پر سیر کرنے والے ہیں وہ مجھ کو میری امت کی طرف سے سلام پہونچاتے ہیں۔

اسی دارمی شریف ونسائی میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی:

ان رسول اللہ ,صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جا ء ذات یوم والبشر فی وجھہ فقا ل انہ جا ء نی جبر یل فقال ان ربك یقو ل اما یر ضیك یا محمد ان لایصلی علیك احدمن ،متك الاصلیت علیہ عشر اولا یسلم علیك احد من امتك الا سلمت علیہ عشرا۔

(مشکوۃ شریف مطبع اصح المطابع ص ۸۶)

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دن تشریف لائے اور چہرۂ پاک میں آثار بشاشت نمایاں تھے۔ فرمایا میرے پاس حضرت جبریل آئے اور عرض کی کہ بے شک آپ کا رب فرماتا ہے: اے حبیب کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تمہاری امت سے تم پر جو کوئی درود بھیجے گا تو میں اس پر دس بار بھجونگا اور تمہاری امت سے جو کوئی تم پر سلام بھیجے گا تو میں اس پر دس بار سلام بھیجونگا۔

اس آیت کریمہ اور ہر دو احادیث مین حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام پڑھنے کا حکم ہے۔ اور ان میں سلام کے ساتھ کہیں بیٹھ کر پڑھنے کی قید ذکر نہ فرمائی گئی تو ثابت ہوا کہ آیت واحادیث میں سلام پڑھنے کا حکم مطلق ہے جو بیٹھ کر پڑھنے اور کھڑے ہو کر پڑھنے ہر دو کو شامل ہے۔ اور اگر سلام کھڑے ہو کر پڑھنا ممنوع ہوتا تو اس میں ممانعت مذکور ہوتی، اور جب آیت وحدیث میں اس کی ممانعت نہیں تو اس کوئی ممنوع کونہیں کر سکتا ہے۔ نیز سلام اکثر مقامات میں کھڑے ہو کر ہی پڑھا جاتا ہے اسکا حکم کتب فقہ میں مذکور ہے۔

فتاوی عالمگیری میں ہے:

ویقف کما یقف فی الصلاۃ و یمثل صورتہ الکریم البھیۃ کانہ قائم فی لحدہ عالم بہ یسمع کلامہ کذافی الاختیار شرح المختار ثم یقول السلام علیک یا نبی اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ (عالمگیری مطبع مجیدی ص ۱۳۶ ج ۱)

اور کھڑا ہو جس طرح کہ نماز میں کھڑا ہوتا ہے۔ اور آپ کی صورت مبارکہ کا ایسا نقشہ جمائے کہ گویا حضور قبر اطہر میں آرام فرما رہے ہیں اس کو جان رہے ہیں اس کا کلام سن رہے ہیں اسی طرح اختیار شرح مختار میں ہے، پھر کہے تم پر سلام ہوائے اللہ کے نبی اور اللہ کی رحمت و برکت۔

مراقی الفلاح شرح نور الایضاح میں ہے:

ثم تنھض متوجھا الی القبر الشریف فتقف بمقدار اربعۃ اذرع بعیدا عن المقصورۃ الشریفۃ بغایۃ الادب مستدبرا القبلۃ محاذیا لراس النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ووجھہ الاکرم ملاحظا نظرہ السعید الیک وسماعہ کلامک وردہ علیک سلامک وتامینہ علی دعائک وتقول السلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ، السلام علیک یا نبی اللہ، السلام علیک یا نبی الرحمۃ، السلام علیک یا شفیع الامۃ، السلام علیک یا سید المرسلین، السلام علیک یا خاتم النبیین، السلام علیک یا مزمل، السلام علیک یا مدثر الخ۔

(حاشیہ طحطاوی ص ۴۳۲)

پھر قبر اطہر کی طرف متوجہ ہو کر کھڑا ہو اور گنبد اقدس سے بمقدار چار گز کے فاصلے پر انتہائی ادب کے ساتھ قبلہ کو پشت کر کے سر اقدس اور چہرۂ انور کے سامنے کھڑا ہو اور ملحوظ رکھے کہ حضور تیری طرف دیکھ رہے ہیں اور تیرے کلام کو سن رہے ہیں اور تیرے سلام کا جواب دے رہے اور تیری دعا پر آمین فرما رہے ہیں اور عرض کر تم پر سلام ہوائے میرے سردار اے اللہ کے رسول۔ تم پر سلام ہوائے اللہ کے نبی۔ تم پر سلام ہوائے اللہ کے حبیب۔ تم پر سلام ہوائے رحمت کے نبی۔ تم پر سلام ہوائے امت کے شفاعت کرنے والے۔ تم پر سلام ہوائے رسول کے سردار۔ تم پر سلام ہوائے نبیوں کے خاتم۔ تم پر سلام ہوائے مزمل۔ تم پر سلام ہوائے مدثر۔

اسی طرح خطبہ اور وعظ میں صلاۃ وسلام کھڑے ہو کر پڑھا جاتا ہے۔ در مختار نے بعد اذان سلام کہنا لکھا تو وہ بھی تو کھڑے ہو کر ہی کہا جاتا ہے تو مجیب کا یہ کہنا کہ (کھڑے ہو کر سلام پڑھنا بالکل ناجائز

ہے) کس قدر غلط اور باطل ہے۔

اب رہا محفل میلاد شریف میں کھڑے ہو کر سلام پڑھنا تو یہ اوپر مفصل گذرا کہ محفل میلاد شریف قیام عظمت ذکر قدوم اور محبت و مسرت کے لئے ہے تو یہ کھڑا ہونا محض سلام پڑھنے ہی کی غرض سے نہیں ہوتا۔ باوجودیکہ محض سلام پڑھنے کی غرض سے کھڑا ہونا بھی ممنوع و ناجائز نہیں جیسا کہ ان عبارات میں گذرا۔ لہذا جب فقہ کی کتابوں سے یہ ثابت ہو چکا تو جہاں قیام اور کھڑا ہونا اور اغراض کے لئے ہو تو اس میں سلام پڑھنا کس بنا پر ناجائز ہے تو مجیب اس کے ثبوت پر کوئی دلیل شرعی پیش کرے ورنہ اپنی غلطی کا اعتراف کرے۔

بالجملہ اس مجیب نے سلام پڑھنے کو ناجائز قرار دے کر خود آیت وحدیث کی مخالفت کی پھر مجیب کو جب اس پر بھی صبر نہ آیا تو آگے لکھتا ہے

جو لوگ اہتمام سے کھڑے ہو کر سلام پیش کرتے تھے غلط کرتے تھے یہ طریقہ صحیح نہیں۔

مجیب کا یہ قول غلط۔ فتوے غلط۔ مسلک غلط۔ مذہب غلط۔ طبیعت غلط۔ فہم غلط۔ نظر غلط۔ تو اسکو تو ہر چیز غلط ہی نظر آئے گی۔ حتی کہ صحیح بھی غلط ہی معلوم ہوگا۔ اسی بنا پر ساری امت کو غلطی پر متفق مانا کہ علامہ سید احمد عابدین نے شرح مولد ابن حجر میں فرمایا۔

وقد وحد القیام عند ذکر اسمه الشریف من عالم الامة ومقتدی الائمة دینا وورعا الامام تقی الدین السبکی وتابعه علی ذلك مشائخ الاسلام فی عصره قال الشامی والداودی قد اتفق ان منشد انشد قصیدة ذی المحبة الصادقة حسان زمانه ابی زکریا یحیی الصرصری التی منها قوله فی مدح النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم

قلیل لمدح المصطفی الخط بالذهب علی فضة من خط احسن من کتب
وان تنهض الاشرف عند سماعه قیاما صفوفا او جثیا علی الرکب
اما اللہ تعظیما له کتب اسمه علی عرشه یا رتبة سمت الرتب

وکان ذلك وقت ختم درسه والقضاة والاعیان بین یدیه فلما وصل المنشد الی قوله وان تنهض الاشراف عند سماعه الی آخر البیت نهض الشیخ للحال قائما علی قدمیه امتثالا لما ذکره الصرصری وقام جمیع من بالمجلس وحصل للناس ساعة طیبة وآنس کبیر بذلك ذکر ذلك ولده شیخ الاسلام ابو نصر عبد الوهاب فی ترجمته من

الطبقات الکبری قال فی انسان العیون بعد ذکر ذلک ویکفی مثل ذلک فی الاقتداء اقول لم تزل علیه المواظبة من العلماء الاعلام والمشائخ الکرام بقصد تعظیم من للانبیاء ختام علیه وعلیهم افضل الصلاۃ واتم السلام ۔۔

(جواہر البحار مطبوعہ بیروت ص ۱۱۴۴ / ج ۳)

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسم شریف کے ذکر کے وقت قیام امت کے اس عالم نے کیا جو دین وتقوی میں اماموں کا پیشوا امام تقی الدین سبکی ۔اور اس قیام میں ان کے زمانہ کے مشائخ اسلام نے ان کا اتباع کیا علامہ شامی اور داوودی نے فرمایا کہ واقعہ یہ ہوا کہ ایک قصیدہ ایک نعت خواں نے پڑھا جس کو سچے عاشق اپنے زمانہ کے حسان ابوزکریا یحیی صرصری شاعر نے لکھا جس کے نعت رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بعض اشعار یہ ہیں ۔مدح مصطفے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے یہ بھی کم ہے کہ جو سب سے اچھا خوش نویس ہو اس کے ہاتھ سے چاندی کے پتر پر سونے کے پانی سے لکھی جائے ۔اور جو شرف دینی رکھتے ہیں وہ اس نعت کو سن کر صف باندھ کر سر وقد یا گھٹنوں کے بل کھڑے ہو جائیں ۔دیکھ آگاہ ہو کہ اللہ نے ان کا نام اپنے عرش پر ان کی عظمت کے لئے لکھا ۔اے رتبوں کے واقف کار ۔اور یہ وقت ختم مجلس کا تھا اور قاضی اور ارا کین سلطنت سامنے تھے تو جب وہ نعت خواں اس شعر کو پڑھنے لگا کہ اشراف نعت کو سن کر صف بہ صف کھڑے ہو جائیں تو حضرت امام سبکی فورا اپنے قدموں پر امام صرصری کے امتثال امر کی بنا پر کھڑے ہو گئے اور تمام حاضرین مجلس نے بھی قیام کیا اور اس کی وجہ سے مجلس میں اس وقت نہایت انس حاصل ہوا۔

اس کو ان کے صاحبزادے شیخ الاسلام بونصر عبد الوہاب نے ان کے تذکرے میں طبقات کبری میں ذکر کیا اور انسان العیون نے اس ذکر کے بعد فرمایا یہ پیروی کے لئے کفایت کرتا ہے ۔میں کہتا ہوں کہ اسی پر علماء اعلام اور مشائخ کرم نے اس ذات پاک کی تعظیم کے لئے ہمیشگی کی ۔جو حضرات انبیاء کے لئے خاتم ہیں ان پر اور ان سب پر بہترین صلاۃ اور کامل ترین سلام نازل ہو۔

اس عبارت سے ظاہر ہو گیا کہ حضرت امام سبکی علیہ الرحمہ جو اپنے زمانہ میں اہل علم وفضل کے پیشوا ۔اور اصحاب زہد وتقوی کے مقتدا تھے جن کی ولادت ۶۸۳ ھ کی ہے انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نام پاک پر قیام کیا اور ان کے اتباع میں علماء ومشائخ نے اور تمام اہل مجلس نے قیام کیا ۔پھر ہر زمانہ اور قرن میں علمائے کرام ومفتیان عظام ومشائخ ذوی الاحترام نے محفل میلا د شریف بوقت

ذکر ولادت قیام کیا۔ تو یہ قیام تقریبا سات صدی کے مسلمانوں کا وہ عمل ہے جس کو انہوں نے ہمیشہ مستحب و مستحسن جان کر کیا تو یہ عند اللہ بھی حسن قرار پایا کہ حدیث شریف میں ہے جسے حضرت امام احمد نے اپنے مسند میں روایت کیا۔ ما رآہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن۔

(کنوز الحقائق مصری ص ۱۵۷ رج ۲)

مسلمان جس چیز کو اچھا جانیں تو وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھی ہے۔

تو حدیث شریف جب مسلمانوں کے اس فعل کو حسن قرار دے تو وہ اس مفتی کے حکم سے غلط اور غیر صحیح کس طرح ہو سکتا ہے۔ بلکہ یہ گمراہ مفتی سات صدی کے تمام علماء و مشائخ اور ساری امت مرحومہ کو بدعتی و گمراہ ٹھہراتا ہے۔ اور ساری امت نہ کسی غلطی پر جمع ہو سکتی اور نہ غیر صحیح طریقہ کو اختیار کر سکتی ہے نہ گمراہی پر اتفاق کر سکتی ہے۔ کہ خود آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جس کو ترمذی شریف نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا۔

لا یجمع امتی ای امۃ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی ضلالۃ و ید اللہ علی الجماعۃ و من شذ شذ فی النار۔ (مشکوٰۃ شریف مجتبائی ص ۳۰)

میری امت گمراہی پر جمع نہ ہوگی اور اللہ تعالیٰ کا دست قدرت جماعت پر ہے۔ اور جو تنہا ہو وہ دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔

لہذا یہ مجیب خود ہی گمراہی اور بدعتی ہے اور سات صدی کا یہ عمل مسلمین یعنی قیام محفل میلاد شریف بلا شبہ صحیح ہے اور مجیب کا اس کو غلط اور باطل کہنا غلط اور باطل ہے۔ پھر یہ مجیب اس کے آگے لکھتا ہے،۔

اگر کھڑے ہو کر سلام پیش کرتے ہیں یہ عقیدہ رکھتے ہوئے کہ آپ تشریف لاتے ہیں یا آپ کی روح حاضر ہوتی ہے، تو نہ آپ تشریف لاتے ہیں نہ آپ کی روح حاضر ہوتی ہے تشریف آوری کے دعوے پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ اور نہ کوئی آیت اور نہ کوئی حدیث ہے کہ جس سے ثابت ہو۔ کوئی دیکھتا نہیں پھر کہاں سے معلوم ہوا کہ آپ تشریف لاتے ہیں۔ یہ آپ پر محض افترا ہے۔ من کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار الحدیث۔ جس طرح کسی نہ کہے ہوئے قول کو آپ کی طرف منسوب کرنا حرام ہے اسی طرح نہ کیا ہوا فعل آپ کی طرف منسوب کرنا حرام ہے۔

مجیب صاحب میلاد شریف میں بوقت سلام حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری

یاروح پاک کا حاضر ہونا اہلسنت کا عقیدہ تو نہیں ہے، خواص کا تو کیا ذکر عوام تک کا یہ عقیدہ نہیں ہے کہ ہر میلاد شریف میں بوقت قیام وسلام حضور کی تشریف آوری ہوتی ہے اور اسی بنا پر سلام وقیام کیا جاتا ہے ۔لیکن بلا اعتقاد اگر کوئی شخص بوقت سلام کے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تشریف لانے یاروح پاک کے حاضر ہونے کو ممکن جانے تو اس پر کیا الزام ہے اور اس میں کون سا استحالہ شرعی یا عقلی لازم آتا ہے

مجیب عدم تشریف آوری کے دعوے پر نہ کوئی دلیل پیش کرسکا۔نہ کوئی آیت وحدیث نقل کرسکا ۔نہ آئندہ وہ کوئی دلیل پیش کرسکتا ہے۔کیونکہ اس کے خلاف پر بکثرت دلائل موجود ہیں۔چنانچہ حضرت علامہ جلال الدین سیوطی انتباہ الاذکیاء میں فرماتے ہیں:

النظر فی اعمال امته والاستغفار لهم من السيئات والدعاء بكشف البلاء عنهم والتردد فی اقطار الارض لحلول البركة فيها وحضور جنازة من مات من صالحی امته فان هذه الامور من جملة اشغاله فی البرزخ كما وردت بذلك الاحاديث والآثار۔

(انتباہ الاذکیاء مطبوعہ دائرۃ المعارف ہند ص ۱۴)

اپنی امت کے اعمال میں نظر کرنا اور ان کے لئے گناہوں سے مغفرت طلب کرنا اور ان سے بلاؤں کے دفع ہوجانے کی دعا کرنا اور اطراف زمین میں نزول برکت کے لئے چلنا پھرنا اور جو صالحین امت سے مرجائے اس کے جنازہ پر حاضر ہونا تو یہ سب کام برزخ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مشاغل میں سے ہیں جیسا کہ اس میں احادیث وآثار وارد ہوئے۔

شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی ''در الثمین فی مبشرات النبی الامین'' میں فرماتے ہیں:

الحديث السابع عشر۔اخبرنی سيدی الوالد قال اخبرنی شيخی السيد عبد الله القاری قال حفظت القرآن علی قاری زاهد كان لكن فی البرية فبينا نحن نتدارس القرآن اذجاء قوم من العرب يقدمهم سيدهم فاستمع قرأة القاری وقال بارك الله ارايت حق القرآن ثم رجع وجاء رجل اخر بذلك الزی فاخبر ان النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم اخبرهم البارحة انه سيذهب الی البرية الفلانية لاستماع قرأة القاری هناك فعلمنا ان السيد الذی كان يقدمهم هو النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال وقد رأيته بعينی هاتين

(در الثمین مطبوعہ دہلی ص ۶)

سترہویں حدیث مجھے میرے سردار والد صاحب نے خبر دی کہا خبر دی مجھے میرے شیخ نے انہوں نے کہا کہ میں نے قرآن کریم قاری زاہد سے یاد کیا وہ بیابان میں رہتے تھے اس اثنا میں کہ ہم قرآن شریف کا دور کر رہے تھے کہ ایک عرب کی قوم آئی اور اس کا سرداران کے آگے تھا انہوں نے قاری صاحب کی قرات سنی اور اس سردار نے فرمایا اللہ تعالی برکت دے تو نے قرآن کریم کا حق ادا کر دیا پھر وہ تشریف لے گئے اور ایک اور شخص اسی شان میں آیا تو اس نے خبر دی کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے انہیں گذشتہ شب خبر دی تھی کہ حضور فلاں بیاباں میں قاری صاحب کی قرات سننے کے لئے تشریف لے جائیں گے تو ہم نے جان لیا کہ جو سردار قوم آگے تھے وہ نبی اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم تھے اور کہا کہ میں نے ان کو دیکھا ہے اپنی دونوں آنکھوں سے۔

بہجۃ الاسرار میں بسند متصل حضرت ابوالحسن نورالدین اس کی روایت کرتے ہیں:

یقو ل ابو سعد القیلو ی رضی اللہ عنہ رایت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وغیرہ من الانبیاء صلوات اللہ علیہم فی مجلس الشیخ عبد القادر غیرمرۃ ۔وان ارواح الانبیاء لتجول فی السموات والارض جو لا ن الریاح فی الآفا ق ۔

(بہجۃ الاسرار مصری ص ۹۵)

حضرت ابوسعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو اور آپ کے سوا اور انبیاء علیہم السلام کو شیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں بہت سی مرتبہ دیکھا اور بے شک انبیاء کی روحیں چلتی پھرتی ہیں۔ جیسے ہوائیں عالم میں چلتی ہیں۔

اسی بہجۃ الاسرار میں بسند متصل دوسرے واقعہ کی روایت کرتے ہیں۔

یقول الشیخ بقابن بطور رضی اللہ عنہ مجلس الشیخ عبد القا در رضی اللہ عنہ مر ۃ فبینا ھو یتکلم علی المر قاۃ الثا نیۃ فا شھدت ان المرقاۃ الاولیٰ قد اتسعت حتی صارت مد البصر وفر شت من السند س الاخضر وجلس علیھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وابو بکر وعمر وعثما ن وعلی رضی اللہ عنھم وتجلی الحق سبحانہ علی قلب اللشیخ عبد القا در فما ل حتی کا دیسقط فا مسکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لئلا یقع ۔

(بہجۃ الاسرار مصری ص ۹۷،۹۸)۔

شیخ بقا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت شیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں ایک مرتبہ حاضر ہوا۔ اس اثنا میں کہ حضور دوسری سیڑھی پر وعظ فرمارہے تھے میں نے دیکھا کہ پہلی سیڑھی کشادہ ہوئی اور سبز سندس کا فرش بچھا اس پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر اور عمر اور عثمان اور علی رضی اللہ عنہم نے جلوس فرمایا اور اللہ سبحانہ نے حضور غوث پاک کے قلب پر تجلی ڈالی تو حضور غوث پاک جھومنے لگے یہاں تک کہ گرنے کے قریب ہوگئے تو ان کو رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گرنے سے روک لیا۔

حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی اخبار الاخیار میں فرماتے ہیں:

اولیا وانبیاء احیاء باجساد واموات بارواح وجن وملائکہ در مجلس او حاضر می شدند وحضرت حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وآلہ اجمعین نیز از برائے تربیت وتائید تجلی می فرمودند وخضر علیہ السلام اکثر اوقات از حاضراں مجلس شریف می بود۔ (اخبار الاخیار مجتبائی ص ۱۳)

اولیا اور انبیاء زندہ تو جسموں کیساتھ اور اموات روحوں سے اور جنات اور فرشتے حضور غوث پاک کی مجلس میں حاضر ہوتے اور حبیب حق نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی تربیت وتائید کے لئے تجلی فرماتے اور حضرت خضر علیہ السلام تو مجلس کے زیادہ حاضر باشوں میں سے ہیں۔

ان عبارات سے نہایت روشن طور پر ثابت ہوگیا کہ حضرات انبیاء کرام اور ارواح زمین وآسمان میں ہوا کی طرح چلتے اور جولانی فرماتے ہیں اور اعمال امت کو ملاحظہ فرماتے ہیں خصوصا ہمارے آقا ومولی سید انبیاء محبوب کبریا محمد مصطفے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی امت کے اعمال واحوال کو ملاحظہ فرماتے ہیں ان کے لئے استغفار کرتے اور دفع بلا کی دعا فرماتے ہیں۔ اور اقطار زمین میں دورہ کرتے ہیں اور صالحین کے جنازہ پر تشریف لاتے ہیں اور زاہد قاری کا قرآن کریم سننے کے لئے اس جنگل میں تشریف لائے اور حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی مجلس وعظ میں چند بار تشریف لائے۔ یہ چند عبارات بخیال اختصار پیش کیں ورنہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مجالس ذکر میں تشریف آوری کے کثیر واقعات معتبر کتب سے پیش کئے جاسکتے ہیں تو ان اکابر دین کے اقوال کے مقابل اس مجیب کا قول غلط اور باطل ہے۔ مجیب عدم تشریف آوری کے دعوے پر کوئی دلیل پیش نہ کرسکا۔ لیکن عوام کو مغالطہ میں ڈالنے کے لئے وہ یہ کہتا ہے کہ کوئی انہیں دیکھتا نہیں مجیب نے یہ عجیب دلیل پیش کی۔ اس عقل کے دشمن سے پوچھو کر اما کاتبین۔ حفظہ ہر وقت ساتھ رہتے یہاں ان کا صبح وشام آنا جانا ہوتا ہے؛۔ حضرت ملک الموت اور ان

کے اعوان بوقت قبض روح آتے ہیں تو کیا انہیں کوئی ان آنکھوں سے دیکھتا ہے۔ مجیب کیا ان کے لئے بھی یہی کہدیگا کہ اگر یہ فرشتے آتے ہوتے تو کوئی تو انہیں دیکھتا اور جب انہیں کوئی دیکھتا ہی نہیں تو ثابت ہو گیا کہ یہ فرشتے ہمارے ساتھ رہتے ہی نہیں۔ بلکہ یہ مجیب اگر ہر موجود کے لئے آنکھوں سے نظر آنا ضروری قرار دیتا ہے تو وہ بہت سے اسلامی عقائد کا منکر ٹھہرے گا۔ مجیب آنکھیں کھول کر دیکھے، ابھی بہجۃ الاسرار سے منقول ہوا کہ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی مجلس وعظ میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت ابوسعد علیہ الرحمہ نے چند بار دیکھا اور حضرت شیخ بقا علیہ الرحمہ نے مع خلفا کے دیکھا ۔مجیب میں اگر جرأت ہے تو ان کے دیکھنے کو نہ دیکھنا ثابت کرے۔ حضرت شیخ بقا سے اس دیکھنے کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے اس کا جواب دیا اس کو اسی بہجۃ الاسرار میں اس عبارت کے بعد لکھا۔

سئل الشیخ بقا عن رویته رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واصحابه رضی اللہ عنهم فقال ارواحهم تشکلت ان اللہ تعالی اید هم بقوة یظهرون بها فیراهم من قواه اللہ تعالی لرویتهم فی صورة الاجساد وصفات الاعیا ن بدلیل حدیث المعراج ۔

(بہجۃ الاسرار مصری ص ۹۸)

حضرت شیخ بقا سے حضور رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کی روایت کے متعلق سوال کیا گیا تو جواب دیا کہ ان کی روحیں متشکل ہوتی ہیں اور بیشک اللہ تعالیٰ ان کی ایسی قوت سے تائید فرماتا ہے جس سے وہ ظاہر ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے جسے ان کی صورت اجساد اور صفات اعیان میں دیکھنے کی قوت دی ہے تو وہ ان کو دیکھتا ہے بدلیل حدیث معراج۔

علامہ قسطلانی مواہب لدنیہ میں اور علامہ زرقانی اس کی شرح میں فرماتے ہیں:

اربا ب القلوب فی یقضتهم یشا هد و ن الملا ئکة واروح الانبیا ء ویسمعون منهم اصواتا ویقتبسو ن منهم فوا ئد ثم یر تقی الحا ل من مشاهدة الصو روالا مثا ل الی درجات یضیق عنها نطا ق النطق ۔

(زرقانی مصری ص ۲۹۷ ج ۵)

اہل دل اپنی بیداری میں فرشتوں اور انبیاء کرام کی روحوں کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ اوران کی آوازوں کو سنتے ہیں اوران سے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ پھر ان کا حال مشاہدہ صورت وامثال میں ایسے درجوں تک ترقی کرتا ہے جو احاطہ بیان سے باہر ہے۔

عارف صمدانی قطب ربانی سید عبدالوہاب شعرانی میزان الشریعۃ الکبریٰ میں فرماتے ہیں:

قد بلغنا عن الشیخ ابی الحسن الشاذلی وتلمیذہ الشیخ ابی العباس المرسی وغیرھما انھم کانوا یقولون لو احتجبت عنا رؤیۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طرفۃ عین ما اعددنا انفسنا من جملۃ المسلمین۔ (میزان مصری ص ۱/۴۱)

ہمیں شیخ شاذلی اور ان کے شاگرد شیخ ابوالعباس اور دیگر اولیا سے یہ روایت پہونچی کہ وہ کہتے تھے اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دیدار پلک مارنے کی مقدار ہم سے محجوب ہو جائے تو ہم اپنے آپ کو مسلمانوں میں سے شمار نہ کریں۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ اولیاء کرام فرشتوں اور ارواح انبیاء علیہم السلام کا مشاہدہ کرتے ہیں، ان کی آوازیں کو سنتے ہیں، ان سے کسب فیوضات کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ بعض کو ہر وقت رویت جمال کی دولت میسر ہوتی ہے، بالجملہ ان کے دیکھنے کی اللہ تعالیٰ جس آنکھ کو قوت دیتا ہے وہی آنکھ ان کو دیکھتی ہے ہر کس و ناکس کو یہ رویت حاصل نہیں ہوتی۔ تو یہ مجیب عدم تشریف آوری کے دعوی میں خود کاذب و مفتری قرار پایا اور وہ اپنی اس حدیث من کذب علی متعمدا کو پڑھ کر خود اپنے اوپر دم کر لے اور حرام کا مرتکب خود اپنے آپ کو قرار دے۔ پھر مجیب کا یہ قول

(نیز اس سے یہ لازم آتا ہے، کہ اگر ایک وقت کئی جگہ محفلیں منعقد ہوں تو آیا سب جگہ تشریف لے جائیں گے یا کہیں کہیں۔ یہ ترجیح بلا مرجح ہے کہ کہیں جائیں کہیں نہ جائیں اگر سب جگہ جائیں تو وجود واحد ہے ہزاروں جگہ کس طرح جا سکتے ہیں یہ تو خدا تعالیٰ کی شان ہے)

انتہائی جہالت پر مبنی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جب مجیب کو عدم تشریف آوری کے دعوے پر کوئی دلیل شرعی نہ مل سکی تو اپنے معتقدین کو مغالطہ میں ڈالنے کے لئے یہ عقلی استحالہ پیش کرتا ہے کہ ایک وقت میں کئی محفلیں منعقد ہوتی ہیں تو تشریف آوری کے دو پہلو ہیں، ایک یہ ہے کہ حضور کہیں جائیں اور کہیں نہ جائیں تو اس میں ترجیح بلا مرجح لازم آتی ہے۔ مجیب اس پہلو کے بطلان پر کوئی آیت وحدیث تو پیش نہ کر سکا اور نہ ہی سلف وخلف کا کوئی قول نقل کر سکا تو اپنی مجبوری اور بے مائیگی کا ان الفاظ میں اظہار کرتا ہے کہ یہ ترجیح بلا مرجح ہے۔ مجیب پہلے تو یہ بتائے کہ ترجیح بلا مرجح دلائل شرع سے کس دلیل کے تحت میں داخل ہے۔ اور اس سے کس شی کی کراہت ثابت ہوتی ہے، آیا حرمت یا کفر ثابت ہوتا ہے یا شرک؟ اور مرجح کی کیا تعریف ہے؟ اور مرجح کا دلائل شرع سے ہونا ضروری ہے یا صرف عقلیات سے ہونا کافی ہے؟۔ پھر

یہ مرجح افادہ اباحت کا کرے گا یا استحباب ووجوب کا؟۔علاوہ بریں کہیں تشریف فرما ہونے پر جب مرجح موجود ہو تو ترجیح بلا مرجح کس طرح لازم آئے گی؟۔دیکھو درود شریف سب اہل اسلام پڑھتے ہیں عربی بھی اور عجمی بھی۔اہل محبت بھی غیر اہل محبت بھی۔قریب والے بھی اور بعید والے بھی۔لیکن حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہل محبت کے درود کو خود سنتے ہیں۔اس حدیث شریف کو حضور سیدی محمد بن سلیمان جزولی نے اپنی مشہور کتاب دلائل الخیرات میں نقل کیا۔کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

اسمع صلاۃ اھل محبتی واعرفھم وتعرض علی صلوۃ غیرہ عرضا۔

(دلائل الخیرات مصری ص ۲۳)

میں اپنے اہل محبت کے درود کو خود سنتا ہوں اور انہیں پہچانتا ہوں اور ان کے سوا اور لوگوں کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

لہذا جس طرح محبت والفت خود حضور کے سماع کے لئے مرجح ہے اسی طرح محبت وشوق۔اخلاص ونیاز مندی حضور کے کہیں تشریف فرما ہو جانے کے لئے بھی مرجح ہوسکتی ہے۔

چنانچہ انتباہ الاذکیا میں گذرا کہ صالحین کے جنازے پر حضور کے تشریف فرما ہونے کے لئے ان کا صلاح مرجح ہے۔اور درثمین میں گذرا کہ زاہد قاسری کے قرآن سننے کے لئے حضور کا جنگل میں تشریف فرما ہونے کے لئے اس کا زہد واخلاص مرجح۔حضور غوث پاک کی مجلس عظمی میں تشریف فرما ہونے کے لئے بانی مجلس کی محبت یا بعض سامعین کا جذبہ شوق یا ذاکر مجلس کا اخلاص ونیاز مندی حضور کی تشرف آوری کے لئے مرجح ہوسکتی ہے،تو حضور کے کہیں تشریف فرما ہونے کے لئے جب یہ مرجح موجود ہوں تو وہاں ترجیح بلا مرجح کس طرح لازم آئے گی۔پھر اگر اس سے بھی قطع نظر کیجیے تو خود سرکار کا کرم جس غلام کو چاہے نواز دے۔حضور اپنی رحمت سے۔جس نیاز مند کے مکان میں چاہیں تشریف فرما ہو جائیں ان کے کرم ان کی نظر رحمت کے لئے کب کسی مرجح کی ضرورت ہے۔اگر مجیب کی یہی جہالت ہے تو وہ بعض گنہگاروں کی مغفرت کا بھی قائل نہ ہوگا۔اور مغفرت ومشیت الہی کے لئے بھی مرجح کی ضرورت لازم جانتا ہوگا اور مغفرت وشفاعت بعض عصاۃ کو ترجیح بلا مرجح کہہ کر انکار کرتا ہوگا۔حقیقت یہ کہ جب کوئی غلط بات کی حمایت کرتا ہے تو اس کو اسی کی طرح ٹھوکریں کھانی پڑتی ہیں اور اس کو ایسی پر از جہالت گفتگو کرنی پڑتی ہے

بالجملہ یہ تو اس کے ایک پہلو کا جواب تھا۔مجیب کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اگر ایک وقت میں سب جگہ جائیں اور ہر محفل میلاد میں شرکت فرمائیں تو وجود واحد ہزاروں جگہ کس

طرح جاسکتا ہے مجیب کا یہ پہلو بھی بہت زیادہ جہالت پر مبنی ہے۔ کیا مجیب نے یہ نہ دیکھا کہ آفتاب کا وجو
دواحد ہی تو ہے مگر ہزار ہا مقامات پر نظر آتا ہے ۔اسی طرح شیطان کا وجود ایک ہے لیکن ہزاروں جگہ مو
جود ہو کر بہکاتا ہے بلکہ ان سب سے زیادہ روشن حضرت ملک الموت کا وجود ہے جو ہزاروں نہیں بلکہ لا
کھوں کڑوروں جگہ موجود ہو کر قبض روح کرتے ہیں ۔لہذا جب بیک وقت ان کے وجود واحد کا
ہزاروں جگہوں میں موجود ہونا مجیب کو تسلیم ہے تو وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بیک وقت
ہزاروں محفلوں میں موجود ہو جانے کا کس طرح انکار کرسکتا ہے۔تو مجیب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم کا بیک وقت ہزاروں محفلوں میں تشریف لانا تسلیم کرلے تو فبہا ورنہ صاف الفاظ میں اقرار کرے کہ
مجھے مہر وماہ اور حضرت ملک الموت اور شیطان لعین کا بیک وقت ہزاروں جگہوں میں ہونا تو تسلیم ہے لیکن
عداوت تو حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہے کہ ان کا ایک وقت میں ہزاروں جگہوں میں
تشریف لانا تسلیم نہیں جیسا کہ اس کے پیشواؤں نے صاف طور پر لکھدیا ہے دیکھو براہین قاطعہ۔ پھر مجیب
کا یہ قول (وجود واحد ہزاروں جگہ کس طرح جاسکتا ہے یہ تو خدا تعالیٰ کی شان ہے) کس قدر جہالت کا
مجموعہ ہے۔ کیا مجیب کے نزدیک حضرت ملک الموت وشیطان لعین میں خدا کی شان پائی جاتی ہے کہ یہ
بیک وقت ہزاروں جگہ موجود ہوتے ہیں؟ ۔تو اگر مجیب کہے کہ یہ دونوں شان خدا میں شریک ہیں تو کیا
مجیب اور دیوبندی قوم کا یہی عقیدہ ہے کہ حضرت ملک الموت اور شیطان لعین اللہ عزوجل کے شریک ہیں
اور جسکا یہ عقیدہ ہو وہ مشرک ہے یا نہیں؟ اور اگر مجیب کہے کہ یہ دونوں باوجود بیک وقت ہزاروں جگہوں
کے موجود ہونے کے بھی اللہ تعالیٰ کے شریک نہیں تو ہو حضور علیہ السلام کے لئے بیک وقت ہزاروں جگہ
میں تشریف فرما ہونے کو کس طرح شرک قرار دیا جاسکتا ہے۔ کیا اس کے نزدیک شرک کہیں پر تو شرک ہے
کہیں ایمان ہے۔ بالجملہ اس کا یہ قول کثیر جہالات کا مجموعہ ہے۔ علاوہ بریں مجیب کی سب سے بڑی جہا
لت بلکہ اس کا کفر یہ ہے کہ اس نے جگہ اور مکان میں ہونا خدا کی شان بتایا باوجودیکہ اللہ تبارک وتعالیٰ جگہ
اور مکان سے منزہ وپاک ہے۔

فتاوی عالمگیری میں ہے: یکفر باثبات المکان للہ تعالی فلو قال از خدا ھیچ مکان
خالی نیست یکفر ۔ (فتاوی عالمگیری قیومی ص ۲۸۱ رج ۲)

اللہ تعالیٰ کے لئے مکان (جگہ) ثابت کرنے سے کافر ہوجائے گا۔ اگر کہا کہ خدا سے کوئی جگہ
خالی نہیں ہے تو کافر ہوجائے گا۔

اس عبارت سے ثابت ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کے لئے کسی مکان اور جگہ کا ثابت کرنا کفر ہے۔ اور یہ مجیب تو اس کے لئے ہزاروں جگہوں کا اثبات کر رہا ہے۔ بلکہ اسکو خاص خدا کی شان ہی ثابت کرنا چاہتا ہے تو جس مفتی کو ایمان وکفر کی تمیز بھی نہ ہو اس سے زیادہ جاہل کون ہے۔ لہذا ایسا مفتی جو کفر کو ایمان بتائے اور ایمان کو کفر ٹھرائے، یا جائز کو نا جائز کہے، یا مستحب وسنت کو حرام وبدعت قرار دے اس کے فتوے کا کیا اعتبار۔ اس کی کسی بات کا کیا قرار۔ لیکن حیرت تو دیو بندی قوم اور ان کے مدعیان علم پر ہے جنہوں نے اس جاہل مفتی کو اپنا سب سے بڑا مفتی قرار دیا اور اپنے سب سے بڑے دار العلوم دیو بند کے دار الافتاء میں صدر مفتی بنایا۔ زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس قول کی جہالتوں کا ذکر کر دیا جائے۔

(۱) ترجیح بلا مرجح سے ہر چیز کو نا جائز وحرام بتانا۔

(۲) باوجود مرجح کے اس کو ترجیح بلا مرجح کہنا۔

(۳) چاند کے وجود واحد کو ہزاروں جگہ مان کر اس میں شان خداوندی ماننا۔

(۴) آفتاب واحد کو ہزاروں جگہ تسلیم کر کے اس میں خدا کی شان ماننا۔

(۵) حضرت ملک الموت کو ہزاروں جگہ مان کر ان کو خدا کا شریک ٹھہرانا۔

(۶) شیطان لعین کو ہزاروں جگہ مان کر اس کو خدا کا شریک قرار دینا۔

(۷) خدا کی شان کو نہ جاننا۔

(۸) خدا کے لئے مکان اور جگہ ثابت کرنا۔

(۹) خدا کے لئے نہ فقط ایک جگہ بلکہ ہزاروں جگہ ماننا۔

(۱۰) کفر کو ایمان جاننا۔

(۱۱) شرک کے معنی کو نہ سمجھنا۔

(۱۲) شرک کو کہیں شرک کہنا اور کہیں اس کو روا رکھنا۔

الحاصل جس مفتی کے ایک قول میں اس قدر جہالات ہوں اس کے فتوے کو وہی مانے گا جس کو جہالت سے لگاؤ ہوگا۔ لہذا اس مجیب کے جب ہر دو پہلو غلط اور باطل ٹھرے تو ان کا نتیجہ کیوں کر نہ غلط ٹھرے گا۔ اس کے بعد مجیب فتاوی حدیثیہ کی یہ عبارت پیش کرتا ہے۔

ونظیر ذلك فعل كثير عند ذكر مولده صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ووضع امته له من القيام وهو ايضا بدعة لم يرد فيه شيء على ان الناس انما يفعلون ذلك تعظيماله صلى الله

تعالیٰ علیہ وسلم فالعوام معذورون لذلک بخلاف الخواص۔

(فتاوی حدیثیہ ص ۱۰۱)

مجیب نے اس عبارت کو اپنے مسلک کی دلیل بنا کر بڑے زور سے پیش کیا ہے، لیکن اس کے سمجھنے کے لئے علم درکار تھا۔ اہل علم جانتے ہیں کہ اس عبارت میں قیام میلاد شریف کو کہیں بدعت سیئہ نہیں قرار دیا گیا۔

اقول: اولا۔ مجیب اس عبارت میں لفظ بدعۃ کو دیکھ کر از حد مسرور ہو گیا کہ علامہ ابن حجر نے قیام میلاد شریف کو بدعت کہہ دیا جیسا کہ دیوبندی قوم کا مسلک ہے۔ لیکن مجیب پہلے محاورات کتب دینیہ سے واقف ہولے پھر اقوال علماء سے استدلال کرے کہ علماء کرام بدعت کہہ کر بدعت حسنہ بھی مراد لیا کرتے ہیں۔ چنانچہ اسی مسئلہ قیام میلاد ہی میں سنیئے۔ اسی فتوے میں علامہ حلبی کی سیرت سے عبارت نقل ہوئی جس میں یہ الفاظ ہیں۔

جرت عادة كثير من الناس اذا سمعوا بذكر وضعه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان يقوموا تعظيما له صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وهذا القيام بدعة لا اصل لها اى لكن هى بدعة حسنة۔ (سیرۃ حلبی مصری ص ۹۹/ج ۱)

بہت لوگوں کی عادت جاری ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم - کا ذکر ولادت سنتے ہیں تو وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کے لئے قیام کرتے ہیں اور یہ قیام بدعت ہے اس کی کوئی اصل نہیں لیکن یہ بدعت حسنہ ہے۔

اس عبارت میں قیام میلاد کے بدعت ہونے کی مراد ظاہر فرمادی گئی کہ اس بدعت سے مراد بدعت حسنہ ہے۔ لہذا یہی مراد علامہ ابن حجر کی ہے کہ وہ قیام کو بدعت کہہ کر بدعت حسنہ مراد لیتے ہیں کہ اس کی تصریح خود علامہ ہی کے قول سے پیش کی جائے گی۔

ثانیا: علامہ نے بدعت کی صفت نہ تو سیئہ ذکر کی نہ محرمہ بیان کی نہ مکروہہ تحریر فرمائی۔ بلکہ اس کی صفت "لم يرد فيه شئ" لکھی تا کہ ہر ناواقف بھی یہ سمجھ لے کہ اس بدعت سے مراد بدعت سیئہ یا محرمہ یا مکروہ نہیں بلکہ مطلق بدعت ہے جو غیر مروی ہوتی ہے اور یہ بات بدعت حسنہ کو بھی شامل ہے کہ وہ بھی صراحۃ مروی نہیں ہوتی۔ تو علامہ کی بدعت سے مراد بدعت سئیہ یا مکروہہ ومحرمہ ہر گز نہیں ہے۔ تو مجیب اس عبارت سے اپنے مذہب پر استدلال نہیں کر سکتا کہ وہ قیام کو بدعت سئیہ کہتا ہے۔

ثالثا: علامہ نے ان لوگوں کے قیام کو بدعت کہا جو یہ قیام با عتقاد سنت کرتے ہیں۔ اور جو اس قیام کو بہ نیت سنت نہیں کرتے بلکہ محض بغرض تعظیم کرتے ہیں تو ان کے لئے یہ قیام علامہ کے نزدیک بھی بدعت نہیں بلکہ مستحب ہے۔ جس کی تصریح ابھی تحریر کی جائی گی۔

رابعا: علامہ نے یہ قیام عوام کے لئے تو جائز و مباح قرار دیا اور خواص کے لئے احوط یہ ٹھہرایا کہ وہ اس قیام کو نہ کریں کہ اس میں مظنہ اور ایہام ہے تو عوام کے لئے قیام کا جواز خود اسی عبارت سے ثابت ہوگیا۔

خامسا: یہ عوام وخواص کا فرق اس صورت میں تھا کہ اس قیام کی بنا مخفی تھی اور اس میں ایہام اعتقاد سنیت تھا۔ اور جب ہر خاص و عام پر یہ ظاہر ہوگیا کہ یہ قیام بوقت ذکر ولادت محض سرور و تعظیم ہی کے لئے کیا جاتا ہے تو یہ قیام اب عوام وخواص سب کے لئے مستحب ثابت ہوگیا کہ اب کوئی ایہام ومظنہ باقی نہ رہا۔

سادسا: مجیب اگر ان علامہ ابن حجر مکی اور ان کی فتاوی حدیثیہ کو مانتا ہے تو اسی فتاوی حدیثیہ کی عبارت جو ہم نے پیش کی ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ علامہ تو میلا د شریف کو سنت کہتے ہیں۔ تو کیا مجیب بھی اس کے لئے تیار ہے۔ اگر ہے تو تسلیم کرے ورنہ اس کو علامہ کے کلام سے استدلال کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں۔

سابعا: یہی علامہ ابن حجر اپنے مولد کبیر میں فرماتے ہیں:

فیقال نظیر ذلک فی القیام عند ذکر ولا دتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وایضا قال اجتمعت الامۃ المحمدیۃ من اھل السنۃ والجماعۃ علی استحسان القیام المذکور وقد قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تجتمع امتی علی ضلالۃ۔

(الدر المنظم فی بیان حکم مولد النبی الاعظم ص ۱۴۳)

کہا گیا کہ اس کی نظیر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کے ذکر کے وقت قیام کرنا ہے۔ نیز قیام مذکور کے استحسان پر امت محمدیہ اہلسنت و جماعت نے اجماع کرلیا ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت گمراہی پر جمع نہ ہوگی۔

مسلمانو! ذرا آنکھیں کھول کر دیکھو کہ یہ وہی علامہ ابن حجر ہیں جن کو مجیب یہ ثابت کررہا تھا کہ وہ منکر قیام ہیں اور فتاوی حدیثیہ میں قیام کو بدعت سیئہ کہتے ہیں۔ لیکن اس عبارت سے یہ واضح ہوگیا کہ

علامہ ابن حجر قیام میلاد کو مستحب و مستحسن کہتے ہیں اور اس کے استحسان پر اجماع امت نقل فرماتے ہیں۔ تو یہ کیسے ممکن ہے کہ یہ علامہ فتاوے حدیثیہ میں اسی قیام کو بدعت سیئہ کہیں۔ لہذا یہ اب آفتاب کی طرح روشن ہو گیا کہ فتاوی حدیثیہ کی عبارت میں بدعت سے مراد بدعت حسنہ ہے۔ اور بدعت حسنہ کو مجیب کے پیشوا گنگوہی صاحب فتاوی رشیدیہ جلد اول ص ۱۰۱۔ پر فرماتے ہیں:

جس کو بدعت حسنہ کہتے ہیں وہ سنت ہی ہے۔

تو قیام میلاد کا گویا سنت ہونا ثابت ہوا۔ بالجملہ فتاوی حدیثیہ میں نہ قیام کو بدعت سیئہ کہا نہ یہ عبارت ہمارے مسلک کے خلاف ہے۔ مجیب اب اپنا حال بیان کرے کہ اگر اس کے نزدیک علامہ ابن حجر معتمد و مستند ہیں تو صاف لفظوں میں اقرار کرے کہ میرے نزدیک بھی ذکر میلاد شریف سنت ہے اور اس میں قیام کرنا مستحب و مستحسن ہے اور جو اس کے خلاف کہتا ہے وہ گمراہ و بے دین ہے۔ ورنہ یہ اعتراف کرے کہ وہ علامہ مذکور کو گمراہ و بدعتی کہتے ہیں۔ مجیب کا فتاوی حدیثیہ کا حوالہ دیدینا تو بہت آسان تھا لیکن یہ کیا خبر تھی کہ اس فریب کا پردہ فاش ہو جائے گا۔ اور یہ خود اپنے ہی گلے میں آجائے گا۔ پھر یہ مجیب اس فتوے کو ان الفاظ پر ختم کرتا ہے۔

بہر حال قیام بدعت ہے اور جو لوگ اہتمام سے کرتے تھے غلط کرتے تھے قیام ترک کرنا چاہیے ۔واللہ اعلم بالصواب۔

مجیب کا یہ حکم بالکل غلط اور باطل ہے کہ بکثرت عبارات سے ثابت کر دیا گیا کہ مستحب و مستحسن ہے اور یہ سات صدی کا عمل مسلمین ہے اور ہر قرن و ہر زمانہ میں علماء کرام و مفتیان عظام و مشائخ ذوی الاحترام اس کو باہتمام کرتے رہے۔ تو بلحاظ "ما رآہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن"۔ کے اس کو کرنا چاہیے۔ مجیب کا یہ فتوی غلط۔ قرآن و حدیث کے حکم سے غلط۔ اجماع مسلمین کے اعتبار سے غلط ۔استحسان وقیاس کے لحاظ سے غلط۔ خلف و سلف کی تحقیقات سے غلط۔ عمل مسلمین کی رو سے غلط۔ اصول عقلی کے اعتبار سے غلط۔ اور کیونکر نہ غلط ہو کہ خود مفتی غلط۔ اس کا مذہب غلط۔ اس کی فہم غلط۔ اس کی تعلیم غلط۔ اس کی سعی غلط اور اس کی ساری دیوبندی قوم غلط۔ ہم نے اس مختصر میں ہر چیز کو صراحۃ یا اشارۃ یا کنایۃ ثابت کر دیا ہے۔ اگر مجیب یعنی صدر مفتی دار العلوم دیوبند یا اس کی ساری دیوبندی قوم میں ہمت و جرات ہو تو میرے اس مختصر رسالہ کا رد کرے اور ہر ہر دلیل و عبارت کا جواب دے تو پھر ان کے سارے علمی دعووں کو خاک میں ملا دیا جائے گا۔ لیکن ہمیں قوی امید ہے کہ ان سے تا قیامت جواب ممکن نہ ہوگا۔

وقل جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا ـ وصلى الله تعالى على خير خلقه سيدنا محمد وآله وصحبه اجمعين برحمتك يا ارحم الراحمين ـ چونکہ یہ رد ایک رسالہ ہوگیا اس لئے اس کا نام تاریخی "عطر الكلام فى استحسان المولد والقيام" رکھ دیا گیا۔

المعتصم بذيل سيد كل نبى و مرسل ـ

العبد محمد اجمل غفرلہ اللہ عزوجل المفتی فی بلدۃ سنبھل ۱۳ / ذیقعدہ ۱۳۷۰ھ

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۸۷۳)

زید کہتا ہے کہ قیام بروقت ذکر ولادت باسعادت نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم بدعت اور ناجائز ہے۔ دلیل یہ پیش کرتا ہے کہ اس وقت محفل میں حضور تشریف لاتے ہیں یا تعظیم ذکر ولادت مراد ہے۔ بصورت اول ثبوت طلب کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اگر آپ یہ کہیں کہ حضور ہر جگہ حاضر وناظر ہیں۔ تشریف تو وہ لائے جو موجود نہ ہو۔ تو سوال یہ ہے کہ تمام ذکر ہی بصورت قیام کیوں نہ کیا۔ کیونکہ تعظیم ذات افضل ہے تعظیم ذکر سے۔ بصورت ثانی کل ذکر ہی بصورت قیام کیوں نہیں کیا جاتا۔ خاص اس وقت جب کہ۔ فظهر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ـ یا اسی کے مرادف الفاظ بیان کئے جائیں قیام کیا ضروری۔ دیگر یہ کہ ذکر اللہ تعالی افضل ہے یا ذکر رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ۔ یہ امر مسلم ہے کہ ذکر اللہ تعالی افضل ہے۔ لیکن بروقت بسم اللہ خوانی وذکر الٰہی قیام اتنا ضروری نہیں سمجھتے۔ نہ قیام کرتے ہیں۔ لیکن بروقت ذکر ولادت باسعادت قیام ضرور کیا جاتا ہے۔

المستفتی نیاز مند قمر الزماں خاں شیروانی سنی حنفی چشتی از دادوں ضلع علی گڑھ۔

الجواب

اللهم هداية الحق والصواب :

ذکر ولادت باسعادت پر قیام بغرض تعظیم کرنا مستحسن ومستحب ہے۔ اس کو ممنوع وحرام ٹھہرانا بلکہ شرک قرار دینا گویا قرآن واحادیث پر افتراء کرنا۔ قواعد شرع کی مخالفت کرنا، تصریحات اکابر علماء کرام سے انکار کرنا ہے۔ بلکہ بلاد اسلامیہ کے صدہا سال کے معمول کو بدعت وضلالت کہنا اور ہزارہا علماء واولیائے عظام کو گمراہ وبدمذہب ومشرک بتانا ہے۔ اور سارے اہل اسلام عوام وخواص کو بدعتی و

بددین بنانا ہے۔

مخالف ایسا دلیر ہے کہ ایک مباح الاصل چیز کو بلا دلیل حرام وشرک ٹھیراتا ہے اور پھر اس پر مزید یہ جرات کہ دلیل کا مطالبہ قائلین اباحت اصلیہ سے کرتا ہے۔ باوجودیکہ خود وہ قیام کی حرمت کا مدعی ہے ۔دلیل کا پیش کرنا مخالف کا ذمہ ہے۔ اقامۃ القیامہ میں عارف باللہ سیدی عبدالغنی نابلسی کا قول نقل فرماتے ہیں:

لیس الاحتیاط فی الافتراء علی اللہ تعالی باثبات الحرمۃ والکراھۃ الذین لابد لھما من دلیل بل فی الاباحۃ التی ھی الاصل ۔ (اقامۃ ص ۳۳)

یہ کچھ احتیاط نہیں کہ کسی چیز کو حرام یا مکروہ کہہ کر خدا پر افتراء کرو کہ حرمت وکراہت کے لئے تو دلیل درکار ہے۔ بلکہ احتیاط اس میں ہے کہ اباحت مانی جائے کہ اصل وہی ہے۔

یہ مضمون بکثرت اکابر ائمہ سلف وخلف کی تصریحات سے ثابت ہے۔ اس سے صاف معلوم ہو گیا کہ مجوزین قیام میلاد شریف کو کسی دلیل کے پیش کرنے کی حاجت نہیں کہ یہ متدلین اباحت اصلیہ ہیں اور دلیل منکرین قیام کو پیش کرنی چاہیے کہ وہ قیام کی حرمت بلکہ شرک کے قائل ہیں۔

لہذا اگر مخالفین میں حیاء وشرم ہے تو تمام مجتمع ہو کر کسی صریح آیت وحدیث یا متقدمین ومتاخرین میں سے کسی کی صاف تصریح سے قیام میلاد شریف کا حرام وشرک ہونا ثابت کریں۔ مگر انشاء اللہ تعالی قیامت تک ہمیشہ ہمیشہ عاجز وقاصر رہیں گے، ممانعت پر کسی دلیل کا نہ ہونا ہی اس کے جواز کی کافی دلیل ہے۔ مجوزین قیام کو اگرچہ کسی دلیل کے پیش کرنے کی حاجت نہیں مگر مخالفین کی دہن دوزی اور موافقین کے اطمینان خاطر کے لئے چند دلائل نقل کئے جاتے ہیں۔ وباللہ التوفیق۔

تعزروہ وتوقروہ ۔ (سورہ فتح ع ۱/ ج ۲۶)

اے لوگو تم رسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر کرو۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ شفا شریف میں ان کلمات کی تفسیر نقل فرماتے ہیں:

یبالغون فی تعظیمہ ویوقروہ ای یعظمونہ۔ (شرح شفا مصری ص ۱۲۴/ ج ۱)

حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تعظیم میں خوب مبالغہ کریں اور ان کی توقیر کریں۔

اس آیت کریمہ اور اس کی تفسیر سے ظاہر ہو گیا کہ حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر میں خوب مبالغہ کیا جائے اور طرق تعظیم سے کسی خاص طریقے کے لئے علیحدہ ثبوت درکار نہیں بلکہ جس

طریقہ سے بھی ان کی تعظیم کی جائے وہ اسی آیت کریمہ کے تحت میں داخل ہے۔ البتہ اگر کسی خاص طریقہ تعظیم کی ممانعت شریعت سے بالتخصیص ثابت ہو تو وہ بے شک ناجائز ہوگا جیسے حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو سجدہ کرنا۔ قیام بھی طرق تعظیم سے ایک طریقہ ہے۔ فقہاء کرام قیام تعظیمی کو یہاں تک جائز رکھتے ہیں کہ فقہ کی مشہور کتاب طحطاوی میں ہے۔

قیام قاری القرآن للقادم تعظیم لا بکرہ اذا کان ممن یستحق التعظیم ۔

(طحطاوی مصری ص ۱۸۶)

آنے والے کے لئے قاری قرآن کا تعظیما قیام کرنا مکروہ نہیں جب وہ آنے والا ان لوگوں میں ہو جو تعظیم کے مستحق ہیں۔

خود حضور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو قیام تعظیمی کی تعلیم دی۔ بخاری شریف ومسلم شریف کی ایک طویل حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے بنو قریظہ کے معاملہ میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالی عنہ کو طلب فرمایا وہ تشریف لارہے تھے؛

فلما دنا من المسجد قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم للانصار قوموا الی سید کم ۔

(مشکوۃ شریف ص ۴۰۳ ف مطبع اصح المطابع)

جب حضرت سعد مسجد شریف سے قریب ہوئے حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے انصار سے فرمایا اپنے سردار کے لئے قیام کرو۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین حضور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے لئے قیام فرماتے تھے۔ بیہقی شعب الایمان میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی ہے کہ انہوں نے فرمایا:

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یجلس معنا فی المسجد یحدثنا فاذا قام قمنا قیاما حتی نراہ قد دخل بعض بیوت ازواجہ۔ (مشکوۃ شریف ص ۴۲۳ مطبع المطابع)

حضور انور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مسجد شریف میں ہمارے ساتھ جلوس فرماتے اور گفتگو کرتے اور جب حضور کھڑے ہوتے تو ہم بھی کھڑے ہو جایا کرتے اور ہم یہاں تک کھڑے رہتے کہ حضور کو ازواج مطہرات میں سے کسی کے گھر میں داخل ہوتا ہوا دیکھ لیتے۔

بلکہ خود سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم حضرت فاطمہ زہرہ رضی اللہ تعالی عنہما کے لئے قیام فرماتے

تھے۔ چنانچہ ابوداؤد شریف میں حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ وہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے اوصاف ذکر کرتے ہوئے فرماتی ہیں:

کانت اذا دخلت علیه قام الیها فاخذ بیدها فقبلها واجلسها فی مجلسه وکان اذا دخل علیها قامت الیه فاخذت بیده فقبلته واجلسته فی مجلسها۔

(مشکوۃ شریف ص۴۰۲ مطبع اصح المطابع)

حضرت فاطمہ جب حضور کے پاس حاضر ہوتیں تو حضور ان کے لئے قیام فرماتے اور ان کی دست بوسی کرتے اور ان کو اپنی جگہ بٹھاتے اور حضور جب ان کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ حضور کے لئے قیام فرماتیں اور حضور کی دست بوسی کرتیں اور حضور کو اپنی جگہ پر بٹھاتیں۔

ان احادیث سے یہ امر نہایت واضح طور پر ثابت ہو گیا کہ مستحقین تعظیم کے لئے قیام کرنا جائز بلکہ سنت صحابہ ہے۔ بلکہ خود حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قولی و فعلی سنت ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات پاک کی تعظیم و توقیر کے لئے صحابہ کرام نے قیام فرمایا تو قیام من جملہ طرق تعظیم کے حضور کی تعظیم و توقیر کا ایک بہتر طریقہ ہوا۔ لہذا یہ قیام اس آیت کریمہ کے عموم کے تحت میں داخل ہو گیا۔ اب باقی رہا قیام بروقت ذکر ولادت شریف کا حکم لہذا یہ قیام تعظیم ذکر ولادت کے لئے کیا جاتا ہے۔ اور بتصریحات ائمہ کرام حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر پاک کی تعظیم مثل ذات اقدس کی تعظیم و توقیر کے ہے اور طرق تعظیم و توقیر ذات پاک سے ایک بہتر طریقہ قیام بھی ہے جس کا ثبوت ابھی آیت کریمہ "تعزروہ و توقروہ" اور احادیث منقولہ سے نہایت صاف طور پر ظاہر ہو چکا۔ لہذا ذکر ولادت باسعادت پر قیام کرنا بھی اسی آیت کریمہ اور احادیث سے مستفاد ہوا۔ اب باقی رہا سائل کا یہ سوال کہ کل ذکر ہی بصورت قیام کیوں نہیں کیا جاتا خاص ذکر ولادت پر کیوں قیام کیا جاتا ہے تو اسکا۔

پہلا جواب۔ یہ ہے کہ قیام وقت قدوم کیا جاتا ہے جیسا کہ ابھی احادیث میں مذکور ہوا اور ذکر ولادت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عالم دنیا میں تشریف آوری کا ذکر ہے تو قیام کا ذکر ولادت پر کیا جانا زیادہ مناسب ہوا۔

دوسرا جواب۔ یہ ہے کہ علماء کرام و اولیائے عظام کا خاص ذکر ولادت پر قیام کرنا صدیوں سے معمول ہے۔ لہذا یہی مستحب و مستحسن قرار پایا۔ یہ حدیث شریف اس کی کافی دلیل ہے۔

ماراہ المسلمون حسنا فهو عند الله حسن۔

(حاشیہ مشکوۃ شریف ص ۲۷ و کنوز الحقائق مصری ص ۱۵۷ ج ۲)

مسلمان جس چیز کو اچھا جانیں تو وہ اللہ تعالی کے نزدیک بھی اچھی ہے۔

تیسرا جواب: یہ ہے کہ کسی سرور دینی پر قیام کرنا صحابہ کرام کی سنت ہے۔

جیسا کہ امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ نے صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ سے ایک مسئلہ سننے کے لئے قیام فرمایا۔

قلت تو فی اللہ تعالیٰ نبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبل ان نسئلہ عن نجاۃ ھذا الامر قال ابو بکر قد سئلتہ عن ذلک فقمت الیہ۔ (مشکوۃ شریف ص ۱۶ مطبع اصح المطابع)

حضرت عثمان غنی فرماتے ہیں میں نے صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ سے عرض کیا اللہ تعالی نے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو وفات دی اور ہم اس امر کی نجات آپ سے دریافت نہ کر سکے۔ حضرت صدیق اکبر نے فرمایا میں نے حضور سے دریافت کرلیا ہے۔ اس کے سننے کے شوق میں حضرت عثمان غنی فرماتے ہیں۔ میں کھڑا ہو گیا۔

جب کسی محبوب ذکر اور دینی سرور کے لئے اجلہ صحابہ کرام سے قیام ثابت ہوا تو مسلمان کے لئے حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے ذکر سے زیادہ اور کیا مسرت وفرحت کا ذکر ہو سکتا ہے کہ رحمت عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تشریف آوری تمام دینی سرور اور احکام الہی کے حصول کا باعث وسبب ہے۔

چوتھا جواب۔ یہ ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اپنا ذکر ولادت قیام کے ساتھ فرمایا تو ذکر ولادت کے وقت قیام کرنا حضور کا اتباع ہے۔ ترمذی شریف میں حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے ۔

انہ جاء الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فکانہ سمع شیئا فقام النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی المنبر فقال من انا فقالوا انت رسول اللہ۔ قال انا محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب ان اللہ خلق الخلق فجعلنی فی خیرھم ثم جعلھم فرقتین فجعلنی فی خیرھم فرقۃ ثم جعلھم قبائل فجعلنی فی خیرھم قبیلۃ ثم جعلھم بیوتا فجعلنی فی خیرھم بیتا فانا خیرھم نفسا و خیرھم بیتا۔

(مشکوۃ شریف ص ۵۱۳ ج ۲ مطبع اصح المطابع)

حضرت عباس حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں غضبناک ہوکر حاضر ہوئے کہ وہ حضور کے حسب و نسب میں کچھ طعن سن چکے تھے۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا: میں کون ہوں؟ ۔صحابہ نے عرض کی؛ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ فرمایا میں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا اور مجھ کو ان کے بہتر میں پیدا کیا۔ پھر ان کے دو فرقے کئے اور مجھ کو ان کے بہتر فرقے میں کیا۔ پھر اس کے قبیلے بنائے تو مجھ کو ان کے بہتر قبیلہ میں پیدا کیا۔ پھر ان میں خاندان کئے اور مجھ کو ان کے بہتر خاندان میں پیدا کیا۔ تو میں ان کے بہتر نفوس اور بہتر خاندان میں سے ہوں ۔

حاصل کلام یہ ہے کہ خاص ذکر ولادت شریف کے وقت ہم ان وجوہ کی بنیاد پر قیام کرتے ہیں تا کہ ہم حضور سید الانبیاء محبوب کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس عالم میں قدوم میمنت لزوم کے ذکر پاک پر بکمال احترام قیام کر کے "تعزروہ و توقروہ" کی تعمیل حکم کریں۔ اور خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ولادت مبارکہ کا بیان قیام کر کے فرمایا ہے۔ تو ہم بھی اسی ہیئت کے ساتھ ذکر کریں اور اظہار سرور کے لئے قیام کرنا سنت صحابہ ہے تو ہم بھی اظہار سرور ذکر ولادت پر ان کی اتباع قیام میں کریں ۔اور ہزار ہا بلاد اسلامیہ کے خواص و عوام اور کئی صدی کے علماء کرام اور اولیائے عظام کے معمول اور طریق حسن کی پیروی کریں۔ یہ امور قیام کے خصوص وقت کے مؤید ہیں اور اسی بنا پر کل ذکر کو بصورت قیام نہیں کیا جاتا۔

اب باقی رہا زید کا یہ قول کہ

ذکر اللہ تعالیٰ افضل ہے یا ذکر رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور یہ امر مسلم ہے کہ ذکر اللہ تعالیٰ افضل ہے۔

اس قول سے معلوم ہوا کہ زید ذکر رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے عقیدہ میں ذکر اللہ تعالیٰ سے جدا جانتا ہے ذکر رسول کو ذکر اللہ کا مقابل سمجھتا ہے اسی بنا پر وہ ان میں افضل و مفضول کا تفرقہ کرتا ہے باوجودیکہ ذکر رسول ذکر اللہ سے جدا نہیں۔ یہ کور باطن ذرا گوش ہوش کھول کر سنے اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رفعت کا ذکر بیان فرماتا ہے۔۔

ورفعنا لك ذكرك (پارہ عم ع ۹)

اور ہم نے تمہارے ذکر کو بلند کر دیا

علامہ علی قاری شرح شفا شریف میں اس آیت کریمہ کی مراد بیان فرماتے ہیں۔

المراد برفع ذکرہ انہ جعل ذکرہ ذکرہ کما جعل طاعتہ طاعتہ

(شرح شفا مصری ص۴۴ ج۱)

حضور کے ذکر کے بلند کرنے کی مراد یہ ہے کہ اللہ تعالی نے حضور کے ذکر کو اپنا ذکر بنالیا۔ جیسے حضور کی اطاعت کو اپنی اطاعت بنالیا۔

ابن حبان و مسند ابو یعلی میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال اتانی جبرئیل علیہ الصلاۃ والسلام فقال ان ربی و ربک یقول: تدری کیف رفعت ذکرك قلت اللہ اعلم قال اذا ذکرت ذکرت معی۔

(شرح شفا مصری ص۴۵ / ج۱)

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جبرئیل امین آئے اور انہوں نے کہا کہ بے شک میرا اور آپ کا رب فرماتا ہے کہ کیا آپ نے جانا کہ میں نے آپ کا ذکر کیسا بلند کیا؟ میں نے کہا اللہ زیادہ جاننے والا ہے۔ اللہ تعالی نے فرمایا جب میرا ذکر کیا جائے گا تو میرے ساتھ تمہارا ذکر کیا جائے گا۔

حضرت قاضی عیاض نے شفا شریف میں اسی آیت کی تفسیر میں حضرت ابن عطا کا قول نقل فرمایا۔ جعلتك ذکرا من ذکری فمن ذکرك ذکرنی۔ (شرح شفا مصری ص۴۶ ج۱)

میں نے تمہیں اپنے اذکار سے ایک ذکر بنادیا ہے۔ جس نے آپ کا ذکر کیا اس نے میرا ذکر کیا۔

ان تصریحات سے روز روشن کی طرح واضح ہوگیا کہ ذکر رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذکر اللہ سے جدا نہیں۔ ذکر رسول کی تعظیم ذکر اللہ کی تعظیم ہے۔ لہذا جس جگہ ذکر رسول کے لئے قیام کیا گویا ذکر اللہ کے لئے قیام کیا اور ذکر ولادت پر جو قیام کیا جاتا ہے یہی ذکر اللہ کا قیام ہوا کہ ذکر رسول ذکر اللہ سے جدا نہیں، ابھی صریح آیت وحدیث میں یہ مضمون گذرا۔ وہابی ان دونوں ذکروں کو مقابل بنا کر عوام کو فریب دیتا ہے۔

اب باقی رہی زید کی پہلی شق کہ قیام بروقت ذکر ولادت اس لئے ہے کہ اس وقت محفل میں حضور تشریف لاتے ہیں۔ یہ زید کا اہلسنت پر افترا و بہتان ہے۔ عام لوگ بھی اس خیال سے قیام نہیں کر

تے بلکہ قیام ذکر پاک کے لئے کیا جاتا ہے جس کا بیان مفصل مذکور ہوا۔ اس مختصر تحقیق سے قیام میلاد کا استحباب واستحسان آفتاب سے زیادہ روشن طور پر ظاہر ہو گیا اور مسائل کی ہر ہر شق کا کافی جواب ہو گیا منصف کے لئے یہی مختصر جواب بہت کافی ہے۔

ایک ضروری بات یہاں اور قابل لحاظ ہے کہ وہابیہ اول تو مجالس میلاد میں شرکت ہی نہیں کرتے اور اگر کسی مجبوری سے شریک ہوتے ہیں تو قیام کے بعد مجلس میں شامل ہوں گے۔ اور اگر قیام سے پہلے شریک ہو گئے ہیں تو کمزور عقیدہ کا وہابی جبراً قہراً قیام کر لیتا ہے اور جو وہابی سیاہ قلب اور سخت بے حیا ہوتا ہے وہ آداب مجلس کیخلاف بیٹھا رہتا ہے اور اپنے اس شرمناک فعل کو کتاب وسنت کا اتباع ظاہر کرتا ہے۔

لہذا میں یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ وہابی کا یہ ناپاک فعل یعنی بروقت قیام اہل مجلس کی مخالفت کرنا اور ذاکر کے امر بالقیام پر تمرد اور سرکشی دکھانا کہ مجلس ہی میں بیٹھا رہنا کتاب اللہ کی مخالفت ہے۔

یآیہا الذین آمنوا اذا قیل لکم تفسحوا فی المجلس فافسحوا یفسح اللہ لکم و اذا قیل انشذوا فانشذوا۔

(سورۂ مجادلہ ع۲ پ۲۸)

اے ایمان والو جب تم سے کہا جائے مجلسوں میں جگہ دو تو جگہ دو اللہ تمہیں جگہ دے گا اور جب کہا جائے اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہو۔

امام بغوی تفسیر معالم التنزیل میں اور علامہ محی السنۃ علاء الدین علی تفسیر خازن میں اسی آیت کریمہ کے تحت میں فرماتے ہیں:

قال مجاھد واکثر المفسرین معناہ اذا قیل لکم انھضوا الی الصلوۃ والی الجھاد والی مجالس کل خیر و حق فقوموا الیھا ولا تقصروا عنہ

(خازن مصری ص۴۳ ج۷)

حضرت مجاہد اور اکثر مفسرین نے فرمایا کہ آیت کے معنی یہ ہیں کہ جب تم سے نماز یا جہاد یا ہر خیر حق کی مجلسوں کے لئے کھڑا ہونے کو کہا جائے تو ان کیلئے کھڑے ہو جاؤ اور اس میں قصور نہ کرو۔

آیت کریمہ اور تفسیر سے صاف معلوم ہو گیا کہ مجالس خیر کے لئے اور ہر خیر کے لئے کھڑا ہونا بامر الٰہی مطلوب ہے۔ اور ان کیلئے کھڑے ہونے سے قاصر رہنا ممنوع ہے۔ لہذا یہ ظاہر بات ہے کہ محفل میلاد شریف مجلس خیر ہے اور قیام میلاد تعظیم ذکر ہے اور تعظیم ذکر یقیناً فعل خیر ہے تو قیام میلاد شریف کے لئے کھڑا ہونا اس آیت کریمہ سے ثابت اور ادب مجلس کے حکم میں داخل اور اس کو "فانشذو

۱" کا امر شامل ہے۔ اور ذاکر کے اس امر (اٹھو وقت تعظیم احمد ہے یہ) کے باوجود کھڑا نہ ہونا اس آیت کی مخالفت اور فعل خیر یعنی تعظیم ذکر سے انکار اور ادب مجلس خیر سے اعراض اور حاضرین مجلس اہل اسلام کی دل آزاری اور امر خیر سے انکار اور ادب مجلس خیر سے روگردانی کی بین دلیل ہے۔ مولی تعالی ان مخالفین تعظیم ذکر اور منکرین حکم قرآنی اور متبعین طرق شیطانی کو ہدایت کی توفیق دے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

ثبوت میلاد وفاتحہ

مسئلہ (۸۷۴)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں بجواب سوال مندرجہ ذیل تعین ماہ بغرض جلسہ میلاد شریف وتعین یوم سوم وغیرہ بغرض ایصال ثواب موتی قولا یا فعلا رسول اللہ یا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم، باسناد صحیحہ ثابت ہے یا نہیں اگر ثابت ہے تو مع حوالہ کتاب مع صفحہ کے تحریر فرمائیں اور اگر ثابت نہیں تو بدعت ہے یا نہیں؟ اگر بدعت ہے تو مرتکب بدعت کا کیا حکم ہے اور اگر بدعت نہیں تو بدعت کی شرعا کیا تعریف ہے؟۔ مقصود سائل جواب مختصر ہے بینوا توجروا۔

الجواب

اللھم ھدایۃ الحق والصواب

وہابی کے میلاد شریف فاتحہ وسوم عرس وگیارہویں شریف وغیرہ امور مستحبہ کے انکار میں جس قدر کوششیں کیں ہیں اتنی کسی حرام ومکروہ بلکہ کسی شعار کفریہ کے لئے بھی نہیں کیں لیکن ان کی انتہائی کوششیں ان امور کے استحباب کو نہ میٹ سکیں اور ان کو ناجائز وحرام نہ ثابت کرسکیں۔ ہمیشہ اہلسنت نے ان کی فریب کاریوں کا پردہ فاش اور ان کے لغو اور بیہودہ کہ اعتراضات کے ایسے دندان شکن جوابات دیئے ہیں جن پر آج تک وہابیہ کو ایک حرف لکھنے کی جرات نہ ہوسکی۔ چنانچہ خود میری کتاب "سبیل الرشاد لمستدعی السداد المعرف بہ ردسیف یمانی" میں میلاد شریف فاتحہ سوم عرس گیارہویں شریف کے جواز واستحباب پر بکثرت دلائل اور منکرین کے اعتراضات کے مسکت جوابات طبع ہوچکے ہیں اور یہ کتاب ہزاروں کی تعداد میں ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں موجود ہے مگر کسی وہابی نے آج تک اس کے جواب کی

ہمت نہ کی۔ میلاد شریف کی اصل یعنی واقعات پیدائش اور فضائل معجزات مسلمانوں کی مجلس میں بیان کرنا خود حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فعل سے ثابت ہے

عن واثلة بن الاسقع قال قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان الله اصطفى من ولد ابراهيم اسمعيل واصطفى من ولد اسمعيل بنى كنانة واصطفى من بنى كنانة قريشا واصطفى من قريش بنى هاشم واصطفانى من بنى هاشم

(شرح شفا مصری ص ۱۹۸/ج ۱)

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اولاد ابراہیم علیہ السلام سے اسمعیل علیہ السلام کو منتخب کیا اور اولاد اسمعیل علیہ السلام سے بنی کنانہ کو منتخب کیا اور بنی کنانہ سے قریش کو منتخب کیا اور قریش سے بھی ہاشم کو منتخب کیا اور بنی ہاشم سے مجھے منتخب فرمایا۔

ترمذی شریف میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

انه جاء الى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فكانه سمع شيئا فقام النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على المنبر فقال من انا فقالو اانت رسول الله قال انا محمد بن عبدالله بن عبد المطلب ان الله خلق الخلق فجعلنى فى خيرهم ثم جعلهم فرقتين فجعلنى فى خيرهم فرقة ثم جعلهم قبائل فجعلنى فى خيرهم قبيلة ثم جعلهم بيوتا فجعلنى فى خيرهم بيتا فانا خيرهم نفسا وخيرهم بيتا۔

(مشکوۃ مطبع اصح المطابع ص ۵۱۳ ج ۲)

حضرت عباس رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں غضبناک ہو کر حاضر ہوئے کہ وہ حضور کے حسب ونسب پر کچھ طعن سن کر آئے تھے حضور نے منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا میں کون ہوں صحابہ نے عرض کیا آپ اللہ کے رسول ہیں فرمایا میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بن عبداللہ بن عبد المطلب ہوں اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا اور مجھ کو ان کے بہترین میں پیدا کیا پھر ان کے دو فرقے کئے اور مجھ کو ان کے بہتر فرقے میں پیدا کیا پھر ان کے قبیلے بنائے تو مجھ کو ان کے بہتر قبیلے میں پیدا کیا پھر انہیں خاندان کے اور مجھ کو ان کے بہتر خاندان میں پیدا کیا تو میں ان کے بہتر نفوس میں اور بہتر خاندان سے ہوں۔

اسی طرح سوم وفاتحہ کی اصل یعنی ایصال ثواب بھی خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قول وفعل سے ثابت ہے چنانچہ طبرانی اوسط میں حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ انہوں نے سرکار رسالت میں عرض کی۔

یا رسول الله توفیت امی ولم توص ولم تتصدق فهل ینفعها ان تصدقت عنها قال نعم ولو بکراع شاة محرق۔ (شرح الصدور مصری ص ۱۲۹)

یارسول اللہ میری ماں وفات پاگئیں انہوں نے نہ صدقہ کی وصیت کی نہ خود صدقہ دیا اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا انہیں نفع دے گا؟ فرمایا: ہاں نفع دیگا اگرچہ بکری کے جلے ہوئے کھر ہی ہوں۔

انہیں طبرانی نے اوسط میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی وہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا:

ما من اهل میت یموت منهم میت فیتصدقون منه بعد موته الا اهداها له جبریل علی طبق من نور ثم یقف علی شفیر القبر فیقول: یاصاحب القبر العمیق هذه هدیة اهداها الیك اهلك فاقبله فدخل علیه فیفرح بها ولیستبشر ویحزن جیرانه الذین لا یهدی الیهم شئ۔ (شرح الصدور مصری ص ۱۲۹)

اہل میت میں سے جو اپنی میت کی جانب سے اس کے مرنے کے بعد صدقہ کریں تو جبرئیل امین نور کے طبق میں وہ ہدیہ لے جاتے ہیں اور کنارہ قبر پر کھڑے ہو کے فرماتے ہیں کہ اے گہرے گڑھے والے یہ ہدیہ ہے جسے تیرے اہل نے تیری طرف بھیجا ہے تو اسے قبول کر تو وہ اس پر داخل ہوتا ہے پس وہ اس کی وجہ سے خوش ہوتا ہے اور بشارت حاصل کرتا ہے اور اس کے وہ پڑوسی جن کی طرف کوئی چیز نہیں بھیجی گئی رنجیدہ ہوتے ہیں۔

اب باقی رہی میلاد شریف وسوم وفاتحہ کی قیودات وتخصیصات وتعینات واہتمامات وہ اسی طرح ہیں جس طرح مدرسہ کی اصل یعنی تعلیم کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول وفعل سے ثابت ہے اور مدرسہ کے تعینات وتخصیصات قیودات واہتمامات یعنی تعلیم کے لئے مخصوص کتابیں مقرر کرنا، فلسفہ ومنطق اور علم معانی وغیرہ کا داخل درس کرنا، درجہ بندیاں کرنا، ہر درجہ کے لئے مستقل استاذ مقرر کرنا، کتاب کے لئے گھنٹے مقرر کرنا، جمعہ وعیدین ورمضان المبارک کے ایام کو تعطیل کے لئے مقرر کرنا، ماہ شعبان کو امتحان

کے لئے مقرر کرنا، خاص نصاب تعلیم ختم ہونے پر سند دینا، دستار بندی کرنا، اور تقسیم اسناد و دستار بندی کے لئے جلسہ کی تاریخ مقرر کرنا، اشتہار چھاپنا، بذریعہ خطوط تداعی کرنا مخصوص علماء کو بلانا، بلائے ہوئے علماء کو سفر خرچ دینا، جلسوں کے لئے پروگرام متعین کرنا، بہت سے ہاتھوں سے طلبہ کے سروں پر دستار باندھنا، جلسہ گاہ کو مزین کرنا، اس میں روشنی کرنا، شامیانہ لگانا، مدرسہ کے لئے مخصوص عمارت بنانا، دار الحدیث اور دار الاقامہ کے لئے علیحدہ عمارت مخصوص کرنا، دینی تعلیم پر مدرسین کو معین تنخواہیں دینا، بخاری شریف کے ختم پر مٹھائی تقسیم کرنا، یہ ساری باتیں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول و فعل سے ثابت نہیں تو میلاد شریف اور سوم وغیرہ کے منکرین مدرسہ کی ان تخصیصات و قیودات، تعینات و اہتمامات کی بنیاد پر کیا مدرسہ کو بدعت و گمراہی قرار دیں گے۔ اور بانیان مدرسہ پر مرتکب بدعت اور گمراہ و بے دین ہونے کے فتوے صادر کریں گے، اگر نہ تو مدرسہ کی ساری تخصیصات و تعینات۔ قیودات و اہتمامات کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول و فعل سے باسناد صحیحہ ثابت کریں لیکن انشاء اللہ قیامت تک ثابت نہ کرسکیں گے تو کس منہ سے میلاد شریف کے تعینات و تخصیصات پر اعتراض کرتے ہیں اور عوام مسلمین کو مغالطہ و فریب دیتے ہیں۔

اب میں وہابیہ کے لئے خود ان کے امام الطائفہ مولوی رشید احمد گنگوہی کا فتوی پیش کرتا ہوں۔

چنانچہ فتاوی رشیدیہ مطبوعہ دہلی حصہ اول صفحہ دس پر ہے:

سوال: ۲۵ صوفیائے کرام کے یہاں جو اکثر اشغال و اذکار مثل رگ کیماس کا پکڑنا اور ذکر رہ اور محلقہ بر قبور نہیں بلکہ ویسے ہی اور حبس دم وغیرہ جو قرون ثلثہ سے ثابت نہیں بدعت ہے یا نہیں۔

الجواب: اشغال صوفیہ بطور معالجہ کے ہیں سب کی اصل نصوص سے ثابت ہے جیسا کہ اصل علاج ثابت ہے مگر شربت بنفشہ حدیث صریح سے ثابت نہیں ایسے سب اذکار کی اصل ہیئت ثابت ہے جیسا توپ بندوق کی اصل ثابت ہے اگرچہ اس وقت میں بہ تھی سو یہ بدعت نہیں ہاں ان ہیئات کو سنت ضروری خاصہ جاننا بدعت ہے اس کو ہی علماء نے بدعت لکھا ہے گنگوہی نے اس جواب میں نہایت واضح الفاظ میں لکھا کہ اشغال صوفیہ ان تخصیصات تعینات کے ساتھ قرون ثلثہ میں نہیں تھے مگر چوں کہ ان کی اصل نصوص سے ثابت ہو رہی ہے تو ان کو محض ان تخصیصات و قیودات کی بنا پر بدعت نہیں کہہ سکتے پھر گنگوہی نے شربت بنفشہ اور توپ و بندوق کی مثالیں دیکر اور ان کی اصل مان کر اور انہیں بدعت سنت خارج کے کے اس قاعدے کو اور واضح کر دیا لہذا اسی طرح میلاد شریف سوم و فاتحہ وغیرہ کو باقرار گنگوہی

بدعت نہیں کہہ سکتے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عز و جل،
العبد محمد اجمل غفر لہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل